رجسٹرڈ معالجین کے لیے

اجمل

مُجَرّبؒ دَوائیں

تالیف: حکیم محمد نبی خاں جمال سویداؔ

تزئین: سیّد اکرام الحق (خطّاط) خطّاطی: علی احمد صابر چشتی ٹائیٹل: عبدُالسَّلیم (آرٹسٹ)

دَواخانہ حکیم اجملؒ خاں (پرائیویٹ) لمیٹڈ

فیکٹری: 155 انڈسٹریل اسٹیٹ کوٹ لکھپت لاہور

042-111-125-625

اجمل ®

دواخانہ حکیم اجمل خان (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ہیڈ آفس: امرت دھارا بلڈنگ، ریلوے روڈ، لاہور۔

فون نمبر: 042-37120542, 042-37354226

فیکس نمبر: 042-37231039

فیکٹری: فون نمبر: 042-35123378 فیکس نمبر: 042-35113379

شاخیں اور ایجنسی: پرانی انارکلی، لاہور۔ فون نمبر: 042-37245657

معراج پلازہ، گلبرگ-II، لاہور۔ فون نمبر: 042-35753421

ایم اے جناح روڈ، کراچی۔ فون نمبر: 021-32721727

حکیم محمد اجمل خان روڈ، راولپنڈی۔ فون نمبر: 051-5773238

گھنٹہ گھر، پشاور۔ فون نمبر: 091-2214093

مطب: (حکیم محمد نبی خان جمال سویدا مرحوم) حکیم مشیر نبی خان

''ایوانِ اجمل'' جہاں نُما، 55-ایف، گلبرگ 2، لاہور۔ فون نمبر: 042-35751609

ہیڈ آفس، ہر برانچ اور ایجنسی میں مطب کا باقاعدہ انتظام ہے۔

ایڈیشن: 01-2016

لِكُلِّ دَآءٍ دَوَآءٌ

فَاِذَآ اُصِیبَ دَوَاءُ الدَّآءَ بَرَءَ بِاِذْنِ اللّٰہ

(ہر بیماری کی ایک دوا ہے جب وہ دوا پہنچتی ہے تو اللہ کے حکم سے شفا ہو جاتی ہے)

اجمل ®

اَجْمَلِ اَعْظَم ؒ

اور

خاندانِ شریفی کے مُجرّبات

کا

واحد پاسبان

دواخانہ حکیم اجمل خان (پرائیویٹ) لمیٹڈ

خط وکتابت کے ذریعہ بھی علاج کی سہولت ہے

دواخانہ حکیم اجمل خان لاہور میں زیرِ سرپرستی حکیم مشیر نبی خان خلف حکیم محمد نبی خان جمال سویدا مرحوم ومغفور باقاعدہ یہ انتظام ہے کہ آپ خط کے ذریعہ اپنے مرض کی مکمل کیفیت تحریر فرمادیں۔ کسی فیس کے بغیر آپ کے لیے نسخہ تجویز کر کے ارسال کر دیا جائے گا۔ تجویز کے ساتھ اگر آپ دوائیں بھی طلب فرمائیں گے تو بذریعہ وی پی پارسل بھیج دی جائیں گی۔ بیرونِ ملک کے مریضوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ دواؤں کے لیے مع محصول و پیکنگ پوری رقم پیشگی ارسال فرمائیں۔ مریض کی خواہش پر تجویز کے ساتھ دواؤں کا مکمل تخمینہ بھیج دیا جاتا ہے اس طرح بیرونِ ملک کے مریضوں کو رقم کی ترسیل میں سہولت ہو جاتی ہے۔

تشخیص وتجویز کے فارم

اگر دور دراز کے شہروں یا علاقوں سے آنے والے مریضوں نے دواخانہ حکیم اجمل کے حکیموں سے علاج کروانا ہو تو دواخانہ حکیم اجمل کی ویب سائٹ سے جو فارم درکار ہو پُر کر کے بھیجیں یا فون پر رابطہ کریں۔ رابطہ کے لیے ویب سائٹ اور فون نمبر نیچے درج ہیں۔

ویب سائٹ:
www.ajmal.pk

فون نمبر:
U.A.N: 042-111-125-625

کثیر الوقوع امراض کا خصوصی پرہیز اور ضروری ہدایات

ضعف دماغ اور دورانِ سر۔

زیادہ سوچنے، دماغی کام کی کثرت، بادی اور ثقیل اشیاء سے پرہیز رکھیں۔ بقدرِ ہضم بادام استعمال کریں۔

آنکھوں کی بیماریاں۔

تُرش اشیاء اور سُرخ مرچوں سے پرہیز ضروری ہے۔

دانتوں اور مسوڑھوں کی بیماریاں۔

تیز برف کے پانی، ریشے دار گوشت، پان، بادی اور تُرش اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

دل کی بیماریاں۔

زیادہ محنت، غم و فکر سے بچیں۔ ہمہ وقت خوش باش رہنے کی کوشش کریں۔ پُر خوری، بادی اشیاء بالخصوص روغن دار اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

جگر کی بیماریاں۔

میٹھی اور چکنی اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔

معدے اور آنتوں کی بیماریاں۔

ثقیل، بادی، گرم اور مصالحہ دار اشیاء استعمال نہ کریں۔

دمہ

تُرش، بُو دار، ثقیل اور بادی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔ دھوئیں اور گرد و غبار سے بچیں۔

نزلہ، زکام، کھانسی

تُرش اشیاء اور برف وغیرہ سے پرہیز رکھیں۔ سرد ہوا سے بچیں۔ پانی زیادہ پئیں۔ نزلہ کی شکایت میں شوربے دار غذاؤں کی بجائے خشک غذاؤں کے استعمال سے مرض میں جلد تخفیف ہو جاتی ہے۔

گردوں کی بیماریاں۔

زیادہ چلنے پھرنے، زیادہ دیر تک بیٹھنے، سرد، زیادہ تُرش اشیاء بالخصوص چاولوں سے پرہیز کریں۔نمک کم استعمال کریں۔

ذیابیطس

میٹھی چیزیں، زمین کے اندر سے پیدا ہونے والی ترکاریاں اور چاولوں سے پرہیز رکھیں۔اس مرض میں گندم کی بجائے بیسنی روٹی کا استعمال فائدے مند ہے۔

ضغطتہ الدّم (بلڈ پریشر)۔

ہائی بلڈ پریشر کے مرض میں نمک، گرم مصالحہ، روغن دار اشیاء اور بادی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔غم اور غصے سے اجتناب کریں۔ پانی کم استعمال کریں۔غذا کے ساتھ تھوڑی سی لہسن کی چٹنی کا مسلسل استعمال ہائی بلڈ پریشر کی شکایت میں مفید ہے۔

چٹنی تیار کرنے کا طریقہ۔

دو لہسن کے جوے، تین ہری مرچیں اور تھوڑا سا نمک ملا کر باریک پیس لیں۔یہ مقدار دو وقت یعنی ایک دن کے کھانے کے لئے کافی ہے۔

بواسیر۔

بواسیر بادی ہو یا خونی، گرم ثقیل، بادی، زیادہ مرچ مصالحے دار اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔کسی سخت جگہ پر دیر تک بیٹھنا بھی بواسیر کے لیے نقصان دہ ہے۔

پیچش۔

سُرخ مرچ، گرم مصالحہ، گرم، ثقیل اشیاء سے پرہیز کریں۔

گھٹیا، عرق النساء، نقرص

سرد، تُرش، بادی، ثقیل اشیاء سے پرہیز رکھیں بالخصوص چاول نہ کھائیں۔

مردانہ کمزوری۔

بُرے خیالات سے ذہن کو پاک رکھیں۔مسکنات اور تُرش اشیاء سے پرہیز کریں۔

جریان، رقّت، سُرعتِ انزال۔

محرک اور گرم اشیاء سے پرہیز رکھیں۔ قبض نہ ہونے دیں۔ خیالاتِ فاسدہ سے بچیں۔

احتلام۔

ثقیل، بادی اور گرم اشیاء استعمال نہ کریں۔ رات کا کھانا بھوک سے کم اور سونے سے کم از کم دو گھنٹے پہلے کھائیں۔ چت نہ سوئیں۔ فاسد لٹریچر کا مطالعہ نہ کریں۔

پرہیزی غذاؤں کی تفصیل، وضاحت اور ضروری ہدایت

گرم اشیاء	:	مچھلی، انڈہ، مرغی، گرم مصالحہ، تیز مرچ اور خشک میوے۔
ثقیل اور بادی اشیاء	:	آلو، اروی، بینگن، گوبھی، بھنڈی، چنے اور ماش کی دال، گائے کا گوشت، سری پائے، نہاری، ہریسہ، چاول
ترش اشیاء	:	لیموں، اچار، کھٹائی، زیادہ ترش پھل اور زیادہ ترش دہی
سرد اشیاء	:	میٹھا دہی، ترش دہی، ٹھنڈے مشروبات، ٹنڈہ، توری، ہرا گھیا اور پالک
بودار اشیاء	:	عطریات اور دیگر خوشبوئیں، تیل، جملہ اقسام کی مچھلی، اسپرٹ یا تارپین کے تیل وغیرہ کی بو
چکنی	:	گھی، مکھن وغیرہ (کارن آئل اس میں شامل نہیں)

اَفْضَلُ الْاَشْغَالِ خِدْمَتُ النَّاس

(سب سے اچھا شُغل خدمتِ خلق ہے)

پتھروں کے ابتدائی زمانے میں عبادت گاہوں کے راہب جھاڑ پھونک کے پردے میں جڑی بوٹیاں بھی استعمال کیا کرتے تھے، طب کی یہ ابتدائی صورت تھی۔

اِس فن کو با قاعدہ اسقلِ بیوس نے اختیار کیا۔ اسقلِ بیوس حضرت ادریس علیہ السلام کے دور میں گزرا ہے۔ اسقلِ بیوس کے بعد بے شمار دردمند انسانوں نے طب کو بطور پیشہ اختیار کیا۔ یونانی طبیبوں کی تعداد کثیر ہے اور زمانہ طویل۔ وہ جواہر ریزے جو آسمانِ طب پر ماہ و انجم کی طرح چمکے اُن کے نام یہ ہیں:

فیثا غورث، افلاطون، بُقراط، ارسطو، لقمان، جالینوس۔ ظہورِ اسلام کے بعد طبِ نبوی سے اس فنِ شریف کی نشاۃ ثانیہ ہوئی۔ عرب کا مشہور طبیب حارث بن کَلدہ تھا۔ رفتہ رفتہ طب کی کتابیں سُریانی، عبرانی اور یونانی سے عربی زبان میں منتقل ہونی شروع ہوگئیں۔ اِس فن کو حشو و زوائد سے پاک کیا گیا۔ بے شمار اضافے ہوئے۔ طب یونانی کی درس گاہیں اور بیمارستان (ہسپتال) کھلنے شروع ہوگئے، اس طرح طبِ یونانی کا رواج عام ہوگیا۔ یہ سہرا اِن اطبّا حضرات کے سر ہے:

بخت یشوع م جبرئیل بن بخت یشوع، حنین بن اسحاق، یوحنا بن ماسویہ، علی بن ابن طبری، جابر بن حیان، زکریا رازی، ثابت بن قرۃ، ابوسہل مسیحی، زاہراوی، ابن الہیثم، شیخ بوعلی سینا، جرجانی، ابنِ بیطار اور داؤد انطا کی۔

ہندوستان میں ویدک طریقۂ علاج رائج تھا۔ مغلوں کی آمد کے ساتھ طبِ یونانی کا رواج بھی رفتہ رفتہ بڑھتا رہا۔ گیلانی، حکیم علوی خان، ارزانی اور حکیم اعظم خاں نے طبِ یونانی کو عروج پر پہنچایا۔ اپنے ذاتی تجربات سے اِس فن میں گراں قدر اضافے کیے، اپنے پیچھے بے شمار تصنیف و تالیف کا ذخیرہ چھوڑا۔

خاندانِ شریفی

شہنشاہِ بابر کے ساتھ کچھ عالمِ دین بزرگ بھی ہندوستان آئے جو خواجہ عبید اللہ احرارؒ کے نسب سے تھے۔ ان کا شمار ائمۂ دین میں کیا جاتا تھا۔ کچھ نسلوں کے بعد اس خاندان میں طبابت کا سلسلہ بھی شروع ہوگیا۔ حکیم فاضل خاں اوّل، ان کے لڑکے حکیم واصل خاں اوّل، اُن کے لڑکے حکیم اجمل خان اوّل اور حکیم اجمل خان اوّل کے بھائی حکیم اکمل خان اس سلسلے کی درمیانی کڑیاں ہیں۔ حکیم اکمل خان کے صاحبزادے حکیم شریف خانؒ اپنے وقت کے جیّد بزرگ، محدث فقیہہ اور یگانہ روزگار طبیب تھے۔ حکیم شریف خانؒ نے فنِ طب میں ایک نئی روح پھونکی۔ فنِ طب کو ایک نئی زندگی عطا کی۔ فنِ طب پر بیش بہا کتابیں تصنیف اور تالیف کیں۔ قرآن پاک کا سب سے پہلے اُردو ترجمہ کیا۔ اِنہی کے نامِ گرامی کی نسبت سے ''خاندانِ شریفی'' کی ابتداء ہوئی پھر ہر نسل اپنی ذات میں ایک دور سمیٹے ہوئے آئی۔ خدمتِ خلق اور خدمتِ فن کے گہرے نقوش چھوڑتی ہوئی گزر گئی۔

حکیم شریف خانؒ سے موجودہ دور تک کا نسب نامہ حسب ذیل ہے:

حکیم شریف خان (1)

حکیم اشرف خان — حکیم شرف الدین خان — حکیم حسین بخش خان — حکیم حسن بخش خان — حکیم امام الدین خان — **حکیم صادق علی خان (2)**

حکیم غلام محمد خان — **حکیم محمود خانِ اعظمؒ (3)** — حکیم غلام مرتضےٰ خان

حاذق الملک حکیم عبدالمجید خان — حکیم واصل خان — **مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خانؒ (4)**

(حاذق الملک حکیم عبدالمجید خان:) مسیح الملک ثانی حکیم محمد احمد خان — حاذق الملک حکیم ظفر خان

(مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خانؒ:) **مسیح الملک حکیم جمیل خان (5)**

حکیم محمد نبی خان جمال سویدا (6) — حکیم احمد نبی خان، فیصل آباد (پاکستان)

جلیل نبی خان — منیر نبی خان — حکیم مشیر نبی خان — معید نبی خان — تنویر نبی خان

اجملِ اعظمؒ

مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خان 17 شوال المکرّم 1284ھ مطابق 1864ء شریف منزل، بلیماراں، دہلی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اُس زمانے کے دستور کے مطابق گھر پر ہوئی۔ پندرہ سولہ سال کی عمر میں قرآنِ پاک حفظ کیا، طب اپنے بڑے بھائی حاذق الملک حکیم عبدالمجید خان، اپنے چچازاد بھائی حکیم غلام رضا خان اور مولوی حکیم جمیل الدین سے پڑھی اور اس کی عملی تربیت اپنے والد حکیم محمود خانِ اعظمؒ سے حاصل کی۔ انیس سال کی عمر میں منطق، فلسفہ، طبعیات۔ ادب، حدیث، تفسیر، فقہ پر کامل عبور حاصل کر لیا تھا۔ ابتدا میں اجملِ اعظمؒ ریاست رام پور میں نواب حامد علی خان کے طبیب خاص مقرر ہوئے۔ ریاست رام پور کے قدیم اور بے مثل کُتب خانے کا انتظام اور اہتمام بھی حکیم صاحب کے سپرد ہوا۔ اس کُتب خانے میں اٹھارہ ہزار قلمی مخطوطات اور تیرہ ہزار مطبوعہ کتابوں کا ذخیرہ تھا۔ حکیم صاحب نے نو سال کی مدت میں اس کُتب خانے پر ایسی گہری نظر ڈالی کہ شاید ہی کوئی اہم کتاب ان کے مطالعہ سے بچی ہو۔ رام پور کے زمانۂ قیام ہی میں عربی زبان پر بھرپور عبور حاصل کیا۔ آپ کے عربی استاد تھے مولانا طیب مکی۔

1902ء میں حکیم صاحب نے رام پور کی ملازمت کا سلسلہ منقطع کر دیا اور اپنے آبائی شہر دہلی واپس آ گئے۔ 1906ء میں ہندوستان کے مسلم زعماء ڈھاکہ میں جمع ہوئے اور مسلم لیگ کا قیام عمل میں آیا۔ مسلم لیگ کے قیام کی قرارداد نواب سلیم اللہ خان نے پیش کی اور حکیم اجمل خان نے اس کی تائید کی، اس طرح مسیح الملک حکیم اجمل خان اُس مسلم لیگ کے بانیوں میں سے تھے جس نے اپنے قیام کے اکتالیس برس کے بعد قائداعظم محمد علی جناحؒ کی انقلابی قیادت میں پاکستان بنایا اور کرۂ ارض پر سب سے بڑی اسلامی حکومت وجود میں آ گئی۔

1909ء میں مسلم لیگ کا پہلا اجلاس دلّی میں منعقد ہوا اور حکیم صاحب اس کی مجلس استقبالیہ کے صدر منتخب ہوئے۔ 1910ء میں حکیم صاحب نے یورپ کا پہلا سفر کیا۔ اس سفر کا مقصد مغربی طب کی ترقی کا مطالعہ اور اس مطالبہ سے طبِ یونانی کی ترقی کے لئے نئی راہیں ہموار کرنا تھا۔ ہندوستان واپس آ کر حکیم صاحب مسلم لیگ، طبی کانفرس اور مطب میں مصروف ہو گئے۔ امرتسر میں مسلم لیگ اور کانگریس کے اجلاس ایک ہی دن اور ایک ہی وقت میں منعقد ہوئے۔ مسلم لیگ کے اجلاس کی صدارت حکیم صاحب نے فرمائی۔ کانگریس کے صدر پنڈت موتی لال نہرو تھے۔ یہ واقعہ ہے 1919ء کا۔

آزادئ ہند کی جدوجہد کے پیشِ نظر حکیم صاحب نے کانگریس میں بھی بھرپور حصہ لیا۔

1921ء میں کانگریس کا جو اجلاس احمد آباد میں ہوا تھا اس کے صدر حکیم صاحب منتخب ہوئے تھے۔ انہی کی صدارت میں انفرادی سول نافرمانی کی قرارداد منظور کی گئی۔ بارو ولی میں ٹیکس ادا نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جس نے بعد میں باقاعدہ ایک تحریک کی صورت اختیار کی۔

حکیم صاحب کی طبی مساعی بھی سرفہرست ہیں۔معرکے کے علاج کیے۔1910ء میں ہندوستانی دواخانہ قائم کیا اور اس کی آمدنی مدرسہ طبیہ کے لئے مخصوص کر کے ایثار اور جذبہ خدمتِ خلق کی ایک اعلیٰ مثال قائم کر دی۔حکیم صاحب کے پیش نظر جو بلند پایہ طبی مقاصد تھے، مدرسۂ طبیہ محدود اور مختصر ہونے کی وجہ سے انہیں پورا کرنے سے قاصر تھا۔ چنانچہ مسیح الملک نے ایک عظیم طبیہ کالج بنانے کا عزم کیا۔اپنے ذاتی اثرات سے کام لے کر طبیہ کالج کے لیے دس لاکھ کے عطیات فراہم کے لیے۔1912ء میں وائسرائے ہند لارڈ ہارڈنگ نے قرول باغ میں طبیہ کالج دہلی کا سنگِ بنیاد رکھا۔

1921ء میں طبیہ کالج دہلی کی مہتمم بالشان عمارتیں بن کر تیار ہوگئیں۔اور مہاتما گاندھی نے طبِ یونانی کی اس درس گاہ کا افتتاح کیا، جہاں طبِ یونانی کے ساتھ ویدک کی تعلیم کا بھی انتظام تھا۔مسیح الملک حکیم اجمل خانؒ کی دلی خواہش تھی جو جڑی بوٹیاں طبِ یونانی میں استعمال ہوتی ہیں اُنہیں جدید سائنس کے اصولوں کے مطابق پرکھا جائے تاکہ ان کے فوائد کا ثبوت مہیا ہو جائے اور اطباؒ حضرات اعتماد کے ساتھ استعمال کر سکیں۔اس مقصد کی تکمیل کے لیے ان کی نگاہِ انتخاب ڈاکٹر سلیم الزماں صدیقی پر پڑی۔ ڈاکٹر صاحب حکیم صاحب کی اس حوصلہ افزائی سے متاثر ہوئے۔جرمنی سے واپسی پر طبیہ کالج دہلی کے شعبۂ ریسرچ میں کام شروع کر دیا۔ چھوٹی چندن بوٹی سے دو مؤثر جوہر نکالے۔**اجملین** اور **اجملینین**۔اس دریافت کا ریسرچ کی دنیا میں ایک بلند مقام ہے۔

قدرت نے مسیح الملک حکیم اجمل خانؒ کو اعجازِ مسیحائی عطا فرمایا تھا۔ ہندوستان کے ہر حصے اور طبقے کے مریض ان کے پاس کھنچے چلے آتے تھے۔مریضوں میں ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی سب ہی ہوتے تھے۔وہ ان سب سے ایک دردمند باپ کی طرح پیش آتے تھے۔غریبوں کو اپنے صندوقچے سے مفت دوا دیتے تھے۔مطب یا شہر دہلی میں مریض کو دیکھنے کی کبھی کوئی فیس نہیں لی اور یہ دستور خاندان شریفی میں آج تک رائج ہے۔بقول مسیح الملک حکیم اجمل خانؒ

کب بدلتے ہیں زمانے سے حقیقت آگاہ
ہم نہیں اور زمانے کی ہوا اور سہی

گوناگوں مصروفیات کے باوجود تصنیف و تالیف پر بھی مسیح مرحوم خاص توجہ فرمایا کرتے تھے۔یہ کتابیں مسیح الملک مرحوم کے بیکراں علم کی یادگار ہیں:

1۔رسالہ القول المرغوب فی الماء المشروب 2۔رسالہ البیان الحسن 3۔ایقاظ النعسان 4۔رسالہ طاعون 5۔التحفۃ الحامدیہ فی الصّاعۃ التکلیسیۃ 6۔رسالہ فی الترکیب الادویہ واستخراج درجانتا 7۔ المحاکمہ بین القرشی والعلامہ 8۔حاشیہ شرح اسباب (نامکمل) 9۔االلّغات الطبیہ 10۔الفتحۃ الاجملیہ فی الصلا الفعلیہ 11۔نقشِ شیدا۔ان کتابوں کے علاوہ مسیح الملک مرحوم کے ترتیب دیئے ہوئے بے شمار مطبوعہ اور غیر مطبوعہ نسخے بھی موجود ہیں۔

حکیم صاحب کو اُردو، فارسی اور عربی زبان پر بھرپور عبور حاصل تھا۔وہ بلند پایہ طبیب تھے اور مایۂ ناز ادیب تھے۔شاعری

سے گہرا لگاؤ تھا۔ شیداؔ تخلص فرماتے تھے۔ اُردو اور فارسی کلام کا مجموعہ نقشِ شیدا کے نام سے طبع ہو چکا ہے۔ حکیم صاحب کے بے شمار خطبے اُردو شہ پارے ہیں۔

یہ آفتاب علم وحکمت 27، 28 دسمبر کی درمیانی شب میں غروب ہو گیا۔ یہ سانحہ ہے 1927ء کا۔ سچ ہے مسیح الملک مرحوم اپنے خاندان کا فخر، اپنی تہذیب کے محافظ، اپنے ملک کا وقار اور اپنے فن کی آبرو تھے۔

ہر گز نمیرد آنکہ دِلش زِندہ شد در عشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوامِ ما

مسیح الملک حکیم جمیل خان

اجمل اعظمؒ کے بعد ان کے اکلوتے صاحبزادے مسیح الملک جمیل خان مسند نشیں ہوئے۔ مسیح الملک حکیم جمیل خان مرحوم و مغفور کے دور میں ہندوستانی دواخانے اور طبیہ کالج دہلی نے خوب ترقی کی۔ حکیم صاحب نے چار لاکھ روپے لاگت سے طبیہ کالج دہلی میں شاندار بورڈنگ ہاؤس تعمیر کرایا۔ اس بورڈنگ ہاؤس میں ساڑھے چار سو طلبہ کی رہائش اور آسائش کا انتظام تھا۔ حکیم صاحب اپنے وقت کے ابنِ بیطار تھے۔ مفردات پر اس قدر عبور حاصل تھا جس کی مثال تاریخ میں مشکل سے ملے گی۔ تحقیق اور تجربات میں ہمہ وقت مصروف رہتے تھے۔ آپ کی بیش بہا تالیف اور تصانیف کی تفصیل ذیل میں درج ہے:

1۔ کتاب المفردات 2۔ کتاب سل ودِق 3۔ رسالہ چیچک 4۔ امورِ طبعیہ 5۔ رسالہ باہ 6۔ وصایا 7۔ نقشِ وفا۔ ان مطبوعہ کتابوں کے علاوہ ترجمہ براء الساعۃ، خلاصہ محیط اعظم، بے شمار تجرباتی نوٹ اور نسخے مسودے کی صورت میں موجود ہیں۔

مسیح الملک حکیم جمیل خان مرحوم ومغفور کو طباعت کی طرح شاعری بھی ورثے میں ملی تھی۔ قادر الکلام شاعر تھے۔ داغؔ کے انداز میں شعر کہتے تھے۔ عمر کے آخری حصے میں تبدیلیٔ آب کی غرض سے لاہور (پاکستان) تشریف لائے پھر یہیں مستقل رہائش کا فیصلہ کیا۔ افسوس عمر نے وفا نہ کی۔ 24 ستمبر کی شام کو اس دارِ فانی سے کوچ کیا۔ یہ حادثہ 1970ء میں گزرا۔

اے وفاؔ زِندگی یہ آپ ہی آپ
کس طرح کٹ گئی، خبر نہ ہوئی

حکیم محمد نبی خان جمال سویدا

مسیح الملک حکیم جمیل خان وفا مرحوم ومغفور کے بڑے صاحبزادے حکیم محمد نبی خان جمال سویدا نے دہلی کے معروف محلہ بلّی ماراں شریف منزل میں 5 نومبر 1920ء کو آنکھ کھولی۔ خدائے بزرگ و برتر نے آپ کو ذہانت وفطانت جیسی گونا گوں صفات سے نوازا تھا۔ آپ نے طب اپنے بزرگوں سے پڑھی اور کم عمری میں ہی خاندانی مجربات اور تجربات کی روشنی میں اس پر دسترس حاصل کر لی۔ معروف سائنسدان ڈاکٹر سلیم الزماں صدیقی کی معیت میں قائم ریسرچ کمیٹی میں ایک عرصہ تک سرگرم عمل رہے۔ ہندوستانی دواخانہ دہلی کے جنرل مینیجر اور آیوویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج دہلی کے اعزازی پرنسپل کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

آپ نے 15 مارچ 1948ء کو ترکِ وطن کیا اور مستقل لاہور میں آباد ہو گئے۔ کچھ عرصہ بعد آپ کے چھوٹے بھائی حکیم احمد نبی خان بھی پاکستان آ گئے۔

پاکستان طبی کانفرنس سے ان کا تعلق اتنا گہرا اور مضبوط تھا کہ بس یوں سمجھ لیجئے کہ عہدِ شباب میں وہ پاکستان طبی کانفرنس میں تھے اور عہد پیری میں پاکستان طبی کانفرنس ان میں تھی۔ آپ پاکستان طبی کانفرنس، پی ٹی ایم اے کے صدر اور نیشنل کونسل فار طب کے ممبر تھے۔ بی بی سی لندن نے یونانی ادویات پر ایک فلم بنائی اور خاندانِ شریفی کے اس بے مثل طبیب اور ہونہار فرزندِ عظیم کو اس کے لیے منتخب کیا۔

حکیم محمد نبی خان سویدا کا شمار برصغیر پاک و ہند کی نامور طبی، علمی، ادبی اور فنی شخصیات میں ہوتا تھا۔ آپ کو طبابت کی طرح شاعری بھی ورثے میں ملی تھی۔ اُستادانہ انداز میں شعر کہتے تھے۔ آخری دیوان ''پرتوِ جمال'' میں لکھتے ہیں:

''مجھے نہیں معلوم میری یہ کاوش اہلِ ذوق کی نظر میں کیا رُتبہ پائے گی۔ بہر حال میری طمانیت کے لئے شافی و کافی ہے۔ شکر ہے یہ طمانیت ناز کا درجہ حاصل نہ کر سکی ممکن ہے اس کا سبب میرا آبائی فن ہو۔''

اگلے انداز کی کچھ کُہنہ روایات کے ساتھ
گیارھویں پُشت ہے اس گھر کو طبابت کرتے

آفتابِ شعر وحکمت، مجددِ طب، مسیح دوراں، 2 جولائی 1990ء بروز پیر اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔

(اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ)

راہ ہستی کا یہ دستور مقدّر ہے جمالؔ
نقشِ رہ جاتے ہیں انسان گزر جاتا ہے

دواخانہ حکیم اجمل خان (پرائیویٹ) لمیٹڈ

10 جون 1948ء کو دواخانہ حکیم اجمل خان کی بنیاد رکھی جس کا افتتاح اس دور کے وزیرِ بحالیات راجہ غضنفر علی خان نے کیا۔

کل کی بات ہے آج اس ادارے کو عوام کی خدمت انجام دیتے ہوئے 68 سال گزر گئے۔ خدائے بزرگ و برتر کا کرم ہے، دواؤں کی افادیت، معیار اور خوشنما پیکنگ کی بدولت یہ ادارہ ملک کے گوشے گوشے سے خراجِ تحسین حاصل کر چکا ہے۔

عوام کا اعتماد

ہماری ترقی کی ضمانت

دواخانہ حکیم اجمل خان واحد طبی ادارہ ہے جہاں سے آپ اجملِ اعظم کے ذاتی اور خاندانی مجربات پورے بھروسے کے ساتھ حاصل کر سکتے ہیں۔ ہمارے ادارے میں عام قرابدینی مرکبات بھی معیاری اور خالص یونانی ہوتے ہیں۔

ہمارے ہیڈ آفس اور جملہ برانچوں میں مطب کا باقاعدہ انتظام ہے۔ مستند اور تجربہ کار طبیب کسی فیس کے بغیر طبی مشورہ دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ پاکستان کے ہر علاقے اور شہر میں اسٹاکسٹ موجود ہیں جو دواخانہ حکیم اجمل خان کے مرکبات اور مجربات فروخت کرتے ہیں۔

کاروباری حضرات کو شرائط نامہ، کمیشن اور نرخ نامہ طلب کرنے پر روانہ کیا جاتا ہے۔

اشاریہ

اس فہرست کی ترتیب حروفِ تہجی کے اعتبار سے کی گئی ہے۔ اشاریے میں ہر مرض کے زیرِ عنوان اُس مرض کی دوائیں لکھ دی گئی ہیں تاکہ آپ اپنے مطلوبہ مرض کی دوا آسانی سے نکال سکیں۔ بعض دوائیں کئی کئی مرضوں میں استعمال ہوتی ہیں۔ ایسی دواؤں کو ہر متعلقہ مرض کے ساتھ جُدا جُدا تحریر کیا گیا ہے۔

امراضِ دماغ: دماغ کی کمزوری، نسیان، چکروں کی شکایت، سردرد، سر کا بھاری پن

دوائیں

☆ اطریفل اسطخو دوس ☆ اطریفل کبیر ☆ حب ایارج
☆ خمیرہ گاؤزبان سادہ ☆ خمیرہ گاؤزبان عنبری ☆ خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر
☆ خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار عود صلیب والا ☆ خمیرہ بادام
☆ خمیرہ دانائی ☆ عجیب ☆ عرقِ عنبر
☆ قرص نقرہ مرکب ☆ لعوقِ بادام ☆ روغنِ کاہو
☆ روغنِ کدو شیریں ☆ روغنِ لبوب سبعہ ☆ روغنِ لونگ
☆ روغنِ بادام

سرسام

دوائیں

☆ روغنِ گل

بے خوابی

دوائیں

☆ روغنِ خشخاش ☆ روغنِ کاہو ☆ روغنِ کدو شیریں
☆ روغنِ لبوبِ سبعہ ☆ روغنِ بادام

مرگی، مالیخولیہ، وہم، خواب میں ڈرنا، پاگل پن، ہسٹریا

دوائیں

☆ خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار عود صلیب ☆ حبّ صرع ☆ دواء الشفاء اجملی
☆ شربتِ احمد شاہی ☆ شربتِ افتیمون ☆ معجون نجاح

فالج، لقوہ، تشنج، خدر، رعشہ، استرخا، ضعفِ اعصاب اور اعصابی دردوں کے لیے

دوائیں

☆ حبِ ازراقی ☆ معجونِ ازراقی ☆ معجون فلاسفہ
☆ معجون جوگراج گوگل ☆ معجونِ جلالی ☆ معجونِ خدر جدید
☆ روغنِ سُرخ ☆ روغنِ قسط ☆ روغنِ لونگ
☆ روغنِ بابونہ ☆ روغنِ چہار برگ ☆ روغنِ کچلہ

آنکھ کی بیماریاں

دوائیں

☆ اطریفل شاہترہ ☆ عرق منڈی ☆ حبِّ رسوت

کان کی بیماریاں

دوائیں

☆ اطریفل اُسطخو دوس ☆ روغن سماعت کُشا ☆ روغن بادام

ناک کی بیماریاں

دوائیں

☆ قرص کہربا ☆ روغن بادام

دانتوں اور مسوڑھوں کی بیماریاں

دوائیں

☆ عجیب ☆ اجمل منجن ☆ روغنِ لونگ

منہ کے چھالے اور سرخی وغیرہ کے لئے

دوائیں

☆ کیولائی ☆ اور مصفی خون دوائیں

گلے کی بیماریاں، گلے کا غدود، گلے کے بڑھے ہوئے غدود نیز جسم کے ہر حصے کے غدود، آواز کا بیٹھ جانا

دوائیں

☆ اطریفل غدودی اجملی ☆ حب بحۃ الصوت ☆ دوائے غدود
☆ شربت بنفشہ ☆ شربت توت سیاہ ☆ ضمادِ غدود شریفی

دل کی طاقت اور دل کی بیماریوں کے لیے، فرحت اور تسکین کے لیے

دوائیں

☆ جواہر مہرہ ☆ جوارش فواکہ سادہ ☆ جوارش فواکہ عنبری
☆ حبِ جواہر ☆ حبِ جواہر مسکن ☆ حبِ مسکون
☆ خمیرہ آبریشم سادہ ☆ خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا
☆ خمیرہ آبریشم شیرہ عناب والا ☆ خمیرہ مروارید

نزلہ، زکام، کھانسی، دمہ، سل ودق اور پھیپھڑوں کے دیگر امراض

دوائیں

☆ اطریفل زمانی ☆ برشعشا ☆ تریاقِ نزلہ
☆ جوشاندی ☆ دیاقوزہ ☆ حب جدوار خاص
☆ حب سرفہ ☆ خمیرہ آبریشم شیرہ عناب والا
☆ خمیرہ خشخاش ☆ خمیرہ بنفشہ ☆ خمیرہ گاؤزبان سادہ
☆ شربت صدر اجملی ☆ شربتِ اعجاز ☆ شربتِ دینار
☆ شربتِ زوفا ☆ شربتِ ارزانی ☆ شربت بنفشہ
☆ قرص ابرک کلاں ☆ لعوقِ بادام ☆ لعوقِ خیارشنبر
☆ لعوقِ کتاں ☆ لعوقِ سپستان ☆ لعوقِ نزلی
☆ قرصِ صدر اجملی ☆ قرصِ سرطان کافوری ☆ قرصِ کہربا
☆ قرصِ دمہ ☆ معجون راح المومنین ☆ عرق مسیحی

سینے اور پسلیوں وغیرہ کے درد کے لئے

دوائیں

☆ قرص قرن الایل ☆ قیروطی آرد کرسنہ

دل کی طاقت اور دل کی بیماریوں کے لئے فرحت اور تسکین کے لیے (جاری)

دوائیں

☆ دواءالمسک معتدل ☆ دواءالمسک معتدل جواہر
☆ شربتِ نیلوفر ☆ عرقِ عنبر ☆ عرقِ گلاب
☆ عرقِ گاؤزبان ☆ معجون نقرہ خاص ☆ مفرحین اجملی
☆ مفرح جمیل ☆ مفرح شیخ الرئیس ☆ مفرح یاقوتی معتدل جواہر
☆ مفرح اعظم ☆ مفرح بارد سادہ ☆ مفرح بارد جواہر

جگر کی بیماریوں کے لیے

دوائیں

☆ دواءالکرم کبیر ☆ سی کو ☆ شربتِ فولاد اجملی
☆ شربتِ بزوری بارد ☆ شربت بزوری معتدل ☆ شربتِ دینار
☆ شربت کاسنی شریفی ☆ شربت نیلوفر ☆ عرقِ عنبر
☆ عرقِ برنجاسف ☆ عرقِ اجوائن ☆ عرقِ کاسنی
☆ عرقِ مکوہ ☆ قرص افسنتین ☆ مفرحین اجملی
☆ معجون وبیدالورد ☆ معجون تربد ☆ معجون نانخواہ
☆ نوشدارو سادہ

جگر کے ورم کے لیے

دوائیں

☆ روغن ضماد مرہم (بیرونی استعمال کیلئے) ☆ روغن بابونہ
☆ ضمادِ جالینوس

معدے کی بیماریاں

دوائیں

☆ اجملی ☆ اطریفل کشنیزی ☆ بسنت مالتی
☆ جوارش انارین ☆ جوارشِ بسباسہ ☆ جوارشِ جالینوس
☆ جوارشِ شاہی ☆ جوارشِ طباشیر ☆ جوارشِ عودِ شیریں
☆ جوارشِ عودِ ترش ☆ جوارشِ فواکہ سادہ ☆ جوارشِ فواکہ عنبری
☆ جوارشِ کمونی ☆ جوارشِ مصطگی سادہ ☆ جوارشِ مصطگی بنسخہ کلاں
☆ حب پپیتہ ☆ حب حلتیت ☆ حب کبد نوشادری
☆ سی کو ☆ سفوف مویا ☆ سفوفِ نمک سلیمانی خاص
☆ سفوف نمک شیخ الرئیس ☆ شربت کاسنی شریفی ☆ عجیب
☆ عرقِ اجوائن ☆ عرق الائچی ☆ عرق بادیان
☆ عرقِ پودینہ ☆ عرق گلاب ☆ عرقِ مکوہ
☆ عرقِ نیلوفر ☆ قرصِ بسباسہ ☆ قرصِ پودینہ
☆ قرصِ عودعنبری ☆ قرصِ ہیل ☆ قرصِ فولاد
☆ مفرحینِ اجملی ☆ معجون زنجبیل ☆ معجون سنگ دانہ مرغ
☆ نہائی

معدے کی بیماریاں (جاری)

دوائیں

☆ معجونِ نانخواہ ☆ مفرح اعظم ☆ نمکِ اجملی
☆ نوشدارو سادہ ☆ روغنِ گل
☆ ضمادِ جالینوس

معدے کے زخم (السر) کے لیے

دوائیں

☆ حب رال ☆ قرص کہربا

پتے اور طحال کی بیماریاں

دوائیں

☆ شربت کاسنی شریفی ☆ عرقِ کاسنی ☆ ضمادِ جالینوس

گردوں اور مثانے کی بیماریاں

دوائیں

☆ تریاقِ مثانہ ☆ جوارشِ زرعونی سادہ ☆ جوارشِ زرعونی عنبری
☆ خمیرہ زمرد اجملی ☆ سوزی ☆ شربتِ بزوری معتدل
☆ شربتِ بزوری بارد ☆ شربت کاسنی شریفی ☆ عرقِ کاسنی
☆ قرصِ زریں ☆ قرصِ بیضۂ مرغ ☆ معجونِ فلاسفہ
☆ معجون ماسک البول

گردے اور مثانے کی پتھری

دوائیں

☆ دوائے پتھری اجملی ☆ قرصِ حصاۃ اجملی ☆ قرصِ زرّیں
☆ قرصِ حجر الیہود

آنتوں اور مقعد کی بیماریاں: آنتوں کی کمزوری، آنتوں کا ورم، آنتوں کا زخم، قولنج، دستوں کی شکایت، سنگرہنی، قبض

دوائیں

☆ اجملان ☆ اطریفل زمانی ☆ اطریفل ملیّن
☆ بسنت مالتی ☆ جوارشِ آملہ سادہ ☆ حبِ تنکار
☆ خمیرہ بنفشہ ☆ روغنِ بادام ☆ سفوفِ مویا
☆ سی کو ☆ شربتِ ازرانی ☆ شربتِ دینار
☆ عجیب ☆ قرصِ آملہ لولوی ☆ قرصِ ملین
☆ مفرحینِ اجملی ☆ معجونِ سنگدانۂ مرغ ☆ نوشدارو سادہ

پیچش کی شکایت کے لیے

دوائیں

☆ اکسیرِ پیچش ☆ حب پیچش اجملی ☆ سفوفِ مویا
☆ شربتِ انجبار ☆ قرصِ ہیل

بواسیر کی شکایت کے لیے

دوائیں

☆ اطریفل مقل ☆ حبِ سرخ بواسیر ☆ حب مقل
☆ قرصِ بواسیر ☆ قرصِ بواسیر خاص ☆ قرصِ کہربا
☆ معجون مقل ☆ روغنِ بواسیر خاص ☆ ضمادِ بواسیر

جوڑوں کی بیماریاں: وجع المفاصل، وجع الورک، عرقِ النساء، نقرس، کمر کے درد اور جوڑوں کے ورم کے لیے

دوائیں

☆ حب اسگند ☆ حبِ سورنجاں ☆ عرقِ عشبہ
☆ معجونِ عشبہ ☆ معجون سورنجاں ☆ معجونِ فلاسفہ
☆ معجونِ ازراقی ☆ معجونِ چوب چینی سادہ ☆ معجونِ چوب چینی بنسخۂ کلاں
☆ قرصِ مفاصل ☆ روغنِ سورنجاں ☆ روغنِ کچلہ

فسادِ خون کی بیماریاں: امراض جلد اور خون کی خرابی دور کرنے کے لیے

دوائیں

☆ اطریفل شاہترہ ☆ حب رسوت ☆ حب سرخ سادہ

☆ شربتِ عناب ☆ صفائی اکسیری ☆ عرقِ مرکب مصفیٔ خون

☆ عرقِ چوب چینی ☆ عرقِ چوب چینی بنسخۂ کلاں ☆ عرقِ شاہترہ

☆ عرقِ عشبہ ☆ عرقِ منڈی ☆ عرقِ منڈی شریفی

☆ قرصِ مرکب مصفیٔ خون ☆ مصفی اجملی ☆ معجونِ چوب چینی

☆ معجون چوب چینی بنسخۂ کلاں ☆ معجون عشبہ ☆ معجونِ مصفیٔ اعظم

☆ اجمل مرہم ☆ مرہم عجیب

چوٹ، زخم، زخم کی سوزش، جل جانے کی شکایت کے لیے

دوائیں

☆ اجمل مرہم ☆ مرہمِ کافور

ہائی بلڈ پریشر

دوائیں

☆ اجملین 54 ☆ اطریفل شریفی ☆ دواء الشفاء اجملی

☆ خمیرہ آبریشم شیرہ عناب ☆ معجون نقرہ خاص ☆ عرق چوب چینی بنسخۂ کلاں

☆ معجون چوب چینی بنسخۂ کلاں ☆ مفرح جمیل ☆ مفرح شیخ الرئیس

☆ اور دیگر مفرحات

لو بلڈ پریشر

دوائیں

☆ دواء المسک معتدل جواہر والی ☆ معجون طلاء اجملی

اور وہ جملہ دوائیں جن کا ذکر فالج وغیرہ کے ذیل میں ہوا ہے

کیلشیم کی کمی

دوائیں

☆ قرص مروارید ☆ قرص صدف ☆ خمیرہ مروارید

ذیابیطس کے لیے

دوائیں

☆ دوائے عجیب ذیابیطس ☆ قرص بیضۂ مرغ

بخاروں کے لیے

دوائیں

☆ خمیرہ بنفشہ ☆ عرقِ گاؤزبان ☆ شربتِ بنفشہ

☆ شربتِ عناب ☆ قرص بخارا اجملی ☆ قرصِ جمیل

انجائنا (دل کی قریبی رگ کا درد)

دوائیں

☆ معجون چوب چینی بنسخۂ کلاں ☆ عرقِ چوب چینی بنسخۂ کلاں

برص کی بیماری کے لیے

دوائیں

☆ سفوفِ برص خاص

موٹاپا کم کرنے کے لیے

دوائیں

☆ سفوفِ مہزل ☆ معجون تربد ☆ اجمل سلمنگ واٹر

افزائش حسن کے لیے

دوائیں

☆ عروسہ ☆ عرقِ منڈی شریفی

حساسیت (الرجی) کے لیے

دوائیں

☆ عرقِ منڈی شریفی ☆ حبِ رسوت ☆ مصفی اجملی

خون کو روکنے کے لیے (حابس دم)

دوائیں

☆ قرصِ سرطان کافوری ☆ قرص کہربا

جنرل ٹانک

دوائیں

☆ معجونِ طلاء اجملی ☆ معجونِ نقرہ خاص ☆ معجونِ مروح الارواح

☆ معجون جالینوس لولوی ☆ معجونِ جلالی ☆ جوہر عجائب

☆ الماسِ کیمیاوی ☆ جواہر مہرہ ☆ حبِ اعصاب

☆ حبِ جالینوس ☆ حبِ جواہر ☆ حبِ خاص

☆ حب خاص بڑے حکیم صاحب والی ☆ خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا

☆ خمیرہ آبریشم سادہ ☆ عرقِ عنبر ☆ لبوبِ کبیر اجملی

☆ لبوب بارد

مردوں کے مخصوص امراض: مردانہ طاقت

دوائیں

☆ الماس کیمیائی ☆ جوہر عجائب ☆ حبِ ازراقی

☆ حب جالینوس ☆ حب خاص ☆ حبِ خاص بڑے حکیم صاحب والی

☆ حب کیمیائے عشرت ☆ حب عنبر مومیائی اجملی ☆ لبوب کبیر اجملی

☆ لبوب بارد ☆ معجونِ طلاء اجملی ☆ معجون نقرہ خاص

☆ معجون مروح الارواح ☆ معجونِ مقوی وممسک خاص ☆ معجونِ ازراقی

☆ معجونِ جالینوس لولوی ☆ معجون ثعلب ☆ معجونِ جلالی

☆ معجونِ ریگ ماہی ☆ روغنِ بیر بہوٹی ☆ طلاء خراطین

☆ طلاء زود اثر ☆ طلاء عاقر قرحا ☆ طلاء مسمن شریفی

☆ طلاء مقوی شریفی ☆ طلاء مسیحی ☆ طلاء عجیب شریفی

جریان اور ذکاوت حس کے لیے

دوائیں

☆ جمیلان ☆ حبِ مسکون ☆ سفوف کشتہ قلعی

☆ سفوف گوند کتیرے والا ☆ قرصِ ابیض ☆ قرص جریان اجملی

☆ قرص ممسک جدید ☆ معجون مغلظ جواہر والی ☆ معجونِ آرد خرما

☆ معجونِ ثعلب ☆ طلاء مخدّر شریفی ☆ قرص قلعی

احتلام کے لیے

دوائیں

☆ اکسیر شریفی ☆ حبِ مسکون ☆ قرصِ عجیب احتلام

☆ طلاء مخدّر شریفی

لذت اور امساک کے لیے

دوائیں

☆ حبِ ممسک مشکی خاص ☆ قرصِ ممسک جدید ☆ معجون مقوی وممسک خاص

☆ طلاء ممسک خاص ☆ طلاء معطر شریفی ☆ عطر عیش

جلق، کجی، لاغری، کوتاہی وغیرہ کے لیے

دوائیں

☆ تکمید شریفی ☆ طلاء عجیب شریفی ☆ طلاء ہیرے والا

☆ طلاء مسمن شریفی

سوزاک کے لیے

دوائیں

☆ سوزی ☆ سفوف طباشیر ☆ سفوف قلعی

☆ سفوفِ مامیراں ☆ قرصِ سوزاک

اور جزوی طور پر جملہ مصفی خون دوائیں سوزاک کی بیماری میں مفید ہیں۔

آتشک کے لیے

دوائیں

☆ مرہمِ کافور

اور جزوی طور پر جملہ مصفی خون دوائیں سوزاک کی بیماری میں مفید ہیں۔

عورتوں کی بیماریاں: کثرت حیض، حیض کا مشکل اور درد سے آنا، حیض کی کمی

دوائیں

☆ اکسیرِ نسواں اجملی ☆ حبِ مدر خاص ☆ سفوفِ مدر خاص

☆ سفوفِ استحاضہ ☆ قرصِ کہربا

رحم کا ورم، رحم کا ٹل جانا، رحم کی خارش، پھنسیاں اور زخم

دوائیں

☆ سی کو ☆ شربتِ کاسنی شریفی ☆ عرقِ کاسنی

☆ عرقِ مکوہ ☆ عرقِ برنجاسف ☆ می لو

☆ معجون دبیدالورد ☆ استعمالی ☆ استعمالی کافوری

☆ دوائے جھاڑ ☆ دوائے سمیٹ ☆ روغنِ گل

سیلان الرحم

دوائیں

☆ قرصِ نسواں ☆ قرص صدف ☆ می لو

☆ معجونِ سپاری پاک

رحم کی کمزوری، اسقاط کی شکایت

دوائیں

☆ حبِ حمل ☆ قرصِ نسواں

☆ معجونِ حمل عنبری علویخاں ☆ معجونِ سپاری پاک

☆ معجونِ حافظ الجنین اجملی

اختناق الرحم ہسٹریا

دوائیں

☆ خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار عود صلیب ☆ دواء الشفا اجملی

بچوں کی بیماریوں کے لیے

دوائیں

☆ اجمل گھٹی ☆ جوارش مصطگی سادہ ☆ حبِ صرع

☆ حبِ سرفہ ☆ صبیانی ☆ سفوفِ چٹکی

☆ سفوفِ مویا ☆ شربتِ فولاد ☆ قرص بیضۂ مرغ

☆ قیروطی آردِ کرسنہ

نوٹ: آتشک اور سوزاک کی دوائیں مردوں اور عورتوں کیلئے مشترک ہیں۔

سلسلہ نمبر 1

خاندانِ شریفی کے مقتدر طبیبوں نے دیگر عظیم طبی خدمات کے ساتھ مفردات کے طویل ترین نسخوں کو حکیمانہ انداز سے مختصر کیا۔ اس اختصار میں یہ حکمت موجود رہی کہ ہر نسخہ حشو و زوائد سے پاک صاف ہو گیا۔ ہر نسخے کی افادیت بڑھ گئی، ایسا ہی فن پارہ ذیل میں پیش کیا جا رہا ہے۔

ھوالشافی

گل بنفشہ	بیخ کاسنی	مویز منقےٰ	بادیان	گاؤزبان
5 گرام	5 گرام	7 دانہ	5 گرام	3 گرام

خیساندہ تیار کریں یعنی رات کو ڈیڑھ کپ تازہ پانی میں یہ دوائیں بھگو دیں۔ صبح ہاتھ سے مل کر چھان کر خمیرہ بنفشہ 20 گرام (دو چائے کے چمچہ بھر) حل کر کے، خفیف سا گرم کرنے کے بعد صبح نہار منہ پیئں۔

بنیادی طور پر یہ نسخہ معدے کی خرابی، کثرتِ ریح، اپھارے، بھوک کی کمی اور پیٹ کی سختی وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ دیگر امراض کی رعایت کے لیے اس نسخے میں جو اضافے کیے جاتے ہیں وہ درج کیے جا رہے ہیں، یہی اس کی جامعیت ہے:

نزلہ زکام کی شکایت میں	: تخم خطمی 5 گرام، تخم خباری 5 گرام کا اس نسخہ میں اضافہ کریں۔
کھانسی کی شکایت میں	: اصل السوس 5 گرام کا اضافہ کریں۔
ورم اور ضعفِ جگر کی شکایت میں	: عنب الثعلب خشک 5 گرام کا اضافہ کریں۔
طحال بڑھ جانے کی بیماری میں	: انجیر زرد 3 دانے کا اضافہ کریں۔
پیچش کی بیماری میں	: ریشہ خطمی 5 گرام کا اضافہ کریں۔
خون کی خرابی کے لیے	: شاہترہ 5 گرام کا اضافہ کریں۔
ادرار کے لیے	: تخم قرطم 5 گرام، تخم خربزہ 5 گرام کا اضافہ کریں۔
صفراء کی زیادتی کے لیے	: آلو بخارا 3 دانوں کا اضافہ کریں۔
سودا کی زیادتی کے لیے	: افتیمون ولایتی 5 گرام کا اضافہ کریں۔
بلغم کی زیادتی کے لیے	: تربد سپید مجوف خراشیدہ 5 گرام
قبض کی شکایت	: شربتِ ارزانی ایک ٹیبل اسپون کا اضافہ کریں۔ یا سنائے مکی 5 گرام کا اضافہ کریں۔
اورامِ احشاء کی شکایت میں	: بیخ بادیان 5 گرام، بیخ اذخر 5 گرام کا اضافہ کریں۔
بخار کی شکایت میں	: خاکسی 5 گرام کا اضافہ کریں۔

مجرّبات

نام دوا	خواص اور ترکیب استعمال

اجملان

قبض کُشا ہے اور دائمی قبض کو دور کرتی ہے۔اس کے استعمال سے اجابت بافراغت ہونے لگتی ہے۔۔

☆.....ایک یا دو قرص رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔ بچوں کو اجملان کے ایک یا دو قرص اُن کی عمر کے مطابق رات کو سوتے وقت پانی سے کھلائیں۔

اجمل مرہم

یہ مرہم آگ سے جل جانے، چوٹ، اعصابی دردوں، گرمی دانوں کی شکایت میں فائدہ مند ہے۔اس کا شمار ایسی دواؤں میں ہوتا ہے، جن کا ہر گھر میں ہونا ضروری ہے۔

☆..... تکلیف کی جگہ ضرورت کے مطابق گرم کیے بغیر لگائیں۔

اجمل منجن

ہلتے ہوئے دانتوں کو جماتا ہے۔مسوڑھوں سے خون اور پیپ آنے کی شکایت میں مفید ہے اور دانتوں کو صاف رکھتا ہے۔

☆.....عام منجنوں کی طرح صبح اور رات کو سوتے وقت مسوڑھوں اور دانتوں پر ملیں۔

اجمل گھٹی

نومولود بچوں کو دس دن تک دی جاتی ہے، ان کے معدے اور آنتوں کو صاف رکھتی ہے اور طاقت دیتی ہے۔اس کے استعمال سے بچہ آئندہ کے لئے معدے اور آنتوں کی بیماری سے محفوظ ہو جاتا ہے۔صدیوں سے آزمودہ اور مجرب ہے۔

☆.....ایک چائے کا چمچہ بھر گھٹی نیم گرم پانی میں ملا کر دن میں ایک مرتبہ بچے کو پلائیں۔(ایک یا دو شیشیوں کا استعمال کافی ہوتا ہے)۔

اجملی

معدہ کو قوت دیتی اور جگر کی اصلاح کرتی ہے۔ پیٹ کے درد، اپھارے اور کثرتِ ریح کی شکایت میں مفید ہے۔خوب بھوک لگاتی ہے۔

☆.....ایک یا دو قرص کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے کھائیں۔

اجمل دیسی گھی

اجمل دیسی گھی قوت وطاقت کا سرچشمہ ہے۔خالص دودھ سے بڑے اہتمام کیساتھ تمام طبی اور سائنسی اقدار کو ملحوظ رکھ کر تیار کیا جاتا ہے۔(دل کے امراض اور ہائی کولیسٹرول والے افراد معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔)

اجملین 54

خون کے دباؤ (بلڈ پریشر) کی مانی ہوئی دوا ہے۔کسی نقصان اور اضمحلال کے بغیر ہائی بلڈ پریشر کو آہستہ آہستہ کم کر کے اعتدال پر لے آتی ہے۔(بلڈ پریشر کی کمی بیشی پیشِ نظر رکھتے ہوئے قرصوں کی تعداد کا تعین کیا جائے۔ ہلکے بلڈ پریشر میں ایک قرص کا روزانہ رات کو سوتے وقت استعمال کافی ہوتا ہے)۔

☆.....بارہ گھنٹے میں ایک سے چار قرصوں تک معالج کی ہدایت کے مطابق پانی سے دیں۔ مدتِ استعمال کا تعین بھی معالج کے مشورے پر موقوف ہے۔

اکسیرِ شریفی

احتلام کی مجرب دوا ہے۔ احتلام یعنی بدخوابی کی شکایت خواہ کتنی ہی پرانی ہو، اکسیرِ شریفی کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ یہ دوا قوتِ ماسکہ کو بڑھا کر احتلام پر قابو پاتی ہے۔ دواخانہ حکیم اجمل خاں کی کامیاب دواؤں میں اس کا شمار ہے۔

☆.....ایک ایک قرص دوپہر اور رات کو کھانا کھانے کے بعد پانی سے کھائیں۔ (بیس یا چالیس دن کا استعمال عموماً کافی ہوتا ہے)۔

استعمالی

رحم کے پرانے ورم اور سختی کو تحلیل کرتی ہے۔ اندرونی استعمال کے لئے ہے۔

☆.....بذریعہ طبیبہ یا دایہ استعمال ہوتی ہے۔ اس کے استعمال میں کسی قسم کی مضرت نہیں۔

استعمالی کافوری

رحم کی پھنسیوں اور سوزش، رحم کے زخم اور دانوں کو آرام پہنچاتی ہے اور ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ اندرونی استعمال کے لیے ہے۔

☆....بذریعہ طبیبہ یا دایہ استعمال ہوتی ہے۔ اس کے استعمال میں کسی قسم کی مضرت نہیں۔

اکسیر غدہ قدامیہ اجملی

مثانے کے بڑھے ہوئے غدہ کو تحلیل کرتا ہے۔

☆....5+5 گرام صبح نہار منہ اور شام کو پانی سے کھائیں۔ (ایک ٹی اسپون فل برابر 5 گرام کے ہے) 60 گرام

اسپغول سبوس (چھلکا)

دائمی قبض میں مفید ہے، کولیسٹرول لیول کو مناسب سطح پر رکھنے کے لیے مؤثر اور بواسیر، پیچش اور پیٹ کے دیگر امراض کے لیے قدرتی علاج ہے۔

☆....ایک یا دو ٹیبل اسپون اسپغول سبوس ایک کپ گرم دودھ سے رات کو سوتے وقت کھائیں۔ 50 گرام

اسپغول مسلم

قبض کشا ہے، دائمی قبض کو رفع کرتا ہے۔ پیچش کی شکایت میں بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ آنتوں میں ازلاقی کیفیت پیدا کر کے اجابت لاتا ہے۔

☆....ایک یا دو چائے کا چمچہ اسپغول مسلم ایک کپ گرم دودھ سے رات سوتے وقت کھائیں۔ 50 گرام

اکسیر السر

مطب اجمل میں عرصہ دراز سے السر کے مریضوں پر کامیابی سے استعمال کروایا جا رہا ہے۔ اس کے استعمال سے السر کی شکایت دور ہو جاتی ہے یعنی تیزابیت کو کم کرنے کی بہترین دوا ہے۔

☆....2 سے 4 قرص دن میں تین مرتبہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ صبح نہار منہ دوپہر 11 بجے شام 5 بجے۔

ھدایات: دوا کے ساتھ پرہیز کریں۔ انڈا، مچھلی، مرغی، گرم مصالحہ جات، خشک میوہ جات وغیرہ۔

اکسیر پیچش

پیچش کی شکایت نئی ہو یا پرانی، اکسیر پیچش کا استعمال ہر صورت میں مفید ہے۔ مروڑ اور آنوَں آنے کی شکایت کو رفع کرتی ہے۔ چند خوراکوں کے استعمال سے مرض قابو میں آجاتا ہے۔

☆....ایک یا دو خوراکیں دن میں دو مرتبہ یعنی صبح اور شام پئیں۔

اکسیر جگر کیپسول

برائے امراض جگر۔

اکسیرِ نسواں (اجملی)

نسوانی بیماریوں مثلاً ماہواری کی بے قاعدگی، ماہواری کی کمی یا زیادتی کے ساتھ آنا، نلوں کا درد، سیلانُ الرحم اور ورمِ رحم کے لیے دواخانہ حکیم اجمل خان کی مایہ ناز دواؤں میں شمار ہوتی ہے۔

☆....ایک ایک چائے کا چمچہ بھر دوا، ایک کپ گرم دودھ میں ملا کر صبح و شام پئیں۔

ھدایت: حمل اور ماہواری کے دنوں میں اکسیرِ نسواں استعمال نہ کی جائے۔

اکثیرِ سلاجیت کیپسول

اکسیرِ سلاجیت ہڈیوں کے امراض کی ایک نہایت ہی مفید دوا ہے اس کے استعمال سے ہڈیوں کے جملہ امراض رفع ہو جاتے ہیں نیز اعصاب کو طاقت دیتے ہیں۔

الماسِ کیمیاوی

عام جسمانی اور مردانہ کمزوری کے لیے قیمتی اور مجرب دوا ہے۔ اعصاب کو مضبوط کرتی اور مردانہ طاقت کو بڑھا کر اُسے اعتدال پر لاتی ہے۔ اس کے استعمال سے طبیعت کی پژمردگی اور اِضمحلال رفع ہو جاتا ہے۔ مزید دل، دماغ، جگر، معدہ اور گردوں کو طاقت دیتی ہے۔

☆....ایک گولی ایک دن چھوڑ کر ایک کپ دودھ سے صبح ناشتے کے دس پندرہ منٹ بعد کھائیں۔

اکسیرِ جگر لیکوڈ

مقوی معدہ، ہاضم محلل اورام، بھوک پیدا کرتا ہے۔ السر کے لئے بہترین ہے۔

☆.... تین چمچ کھانا کھانے کے بعد دن میں دو مرتبہ یا معالج کی ہدایت کے مطابق ہمراہ آب استعمال کریں۔

اکسیر کرم

منی کے کیڑوں کی مجرب دوا ہے۔ ایک قرص روزانہ صبح نہار منہ ایک کپ دودھ (۲۴۰ ملی لیٹر) کے ساتھ استعمال کریں یا معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔

☆....دورانِ استعمال گرم چیزوں اور مباشرت سے پرہیز کریں۔

السرین (اکسیرِ السر)

مطب اجمل میں عرصہ دراز سے السر کے مریضوں پر کامیابی سے استعمال کروایا جا رہا ہے۔ اس کے استعمال سے السر کی شکایت دور ہو جاتی ہے یعنی تیزابیت کو کم کرنے کی بہترین دوا ہے۔

☆....1 سے 3 گرام سفوف پانی کے ساتھ دن میں دو تین دفعہ استعمال کریں یا معالج کی ہدایت پر عمل کریں۔

نوٹ: چائے والے چمچ میں تقریباً اڑھائی گرام سفوف آتا ہے۔

اطریفل اُسطُخو دُوّس

دماغ سے بلغمی رطوبات کو خارج کرتا ہے، سر کے بھاری رہنے، پرانے دردِ سر اور بہرے پن کی شکایت میں مفید ہے۔

☆....پانچ گرام سے دس گرام تک رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

اطریفل زمانی

دائمی نزلہ زکام، سر کے درد بھاری پن کو دور کرتا ہے، قبض کشا ہے۔ اس کے استعمال سے دائمی قبض بھی رفع ہو جاتا ہے۔

☆....پانچ گرام سے دس گرام تک رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

اطریفل شاہترہ

آنکھیں دُکھنے کی شکایت، سر اور چہرے کی پھنسیوں، کان کے بہنے اور دیگر سوداوی بیماریوں میں مفید ہے۔ خون کو صاف کرتا

ہےاور خفیف ساقبض کشا بھی ہے۔
☆....پانچ گرام سے دس گرام تک رات کوسوتے وقت پانی سے کھائیں۔

اطریفل شریفی

یہ اطریفل خفیف ہائی بلڈ پریشر کی شکایت میں مفید اور کامیاب ہے۔ بلڈ پریشر کو بتدریج کم کرتا ہے اور بے چینی کو دور کرتا ہے، بے خوابی کی شکایت اس کے مسلسل استعمال سے رفع ہو جاتی ہے، قدرے قبض کشا بھی ہے۔
☆....پانچ گرام سے دس گرام تک رات کوسوتے وقت یا عرق بید مشک 7 تولے کے ساتھ کھائیں۔

اطریفل غدودی (اجملی)

گلے یا جسم کے کسی حصہ کے غدود بڑھ گئے ہوں تو اس اطریفل کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ بالخصوص بچوں کے گلے کے بڑھے ہوئے غدود کے لیے طبِ یونانی کی مفید ترین دوا ہے۔ کم از کم دوڈھائی مہینہ مسلسل اس اطریفل کو استعمال کیا جائے۔
☆....پانچ گرام سے دس گرام تک یہ اطریفل رات کوسوتے وقت پانی سے کھائیں۔ بچوں کو اُن کی عمر کے مطابق تین گرام سے پانچ گرام تک دیں۔

اطریفل کبیر

دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ پرانے نزلہ وزکام، نسیان اور سر کے پرانے درد میں مفید ہے۔
☆....پانچ گرام سے دس گرام تک رات کوسوتے وقت پانی کے ساتھ کھائیں۔
یاد رکھیں! جملہ اطریفل عام طور پر سوتے وقت استعمال کیے جاتے ہیں۔
نصف چائے کے چمچے بھر اطریفل تقریباً پانچ گرام کے برابر ہوتا ہے۔ جزوی کمی بیشی میں کوئی مضائقہ نہیں۔

اطریفل کشنیزی

معدے کی تبخیر کو دور کرتا ہے۔ ہاتھ پاؤں اور سر سے گرمی نکلتی ہوئی محسوس ہونے کی شکایت کو رفع کرتا ہے۔
☆....پانچ گرام سے دس گرام تک رات کوسوتے وقت پانی سے کھائیں۔

اطریفل مُقل

خونی اور بادی دونوں اقسام کی بواسیر میں مفید ہے۔ اس کے استعمال سے پھولے ہوئے مسّے مُرجھا جاتے ہیں۔
☆....پانچ گرام سے دس گرام تک رات کوسوتے وقت پانی سے کھائیں۔

اطریفل مُلیّن

قبض کشا ہے۔ معدے اور آنتوں سے فاسد مادّے کو خارج کرتا ہے۔
☆....پانچ گرام سے دس گرام تک رات کوسوتے وقت پانی سے کھائیں۔

برشعشا

پرانے نزلہ زکام اور کھانسی کو دور کرتا ہے۔ پرانے دردِ سر کی شکایت میں مفید ہے۔ دماغ کو طاقت پہنچاتا اور پرسکون رکھتا ہے۔ بے خوابی کی شکایت بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔
☆....ایک گرام سے تین گرام تک رات کوسوتے وقت پانی سے کھائیں۔

بسنت مالتی

سنگ رہنی اور معدہ آنتوں کی کمزوری سے دست آنے کی شکایت میں فائدہ مند ہے۔ معدے اور آنتوں کو قوت دیتی اور اُن کی قوتِ ماسکہ کو بڑھاتی ہے، جگر کی اصلاح کرتی ہے۔
☆....ایک ایک قرص، معجون سنگ دانہ مرغ پانچ پانچ گرام میں ملا کر صبح اور رات کوسوتے وقت پانی سے کھائیں۔

تکمید شریفی

مردانہ عضو کی رگوں اور پٹھوں کو ملائم کرتی ہے تاکہ مردانہ عضو میں طلاء کے استعمال کی استعداد پیدا ہو جائے۔ساتھ ہی مردانہ طاقت کو بڑھاتی ہے۔

☆.... تکمید شریفی پوٹلیوں کی شکل میں ہے۔ان پوٹلیوں سے سکائی کی جاتی ہے۔مزید ترکیب استعمال کا پرچہ دوا کے ساتھ ہوگا۔

تریاق مثانہ

مثانہ کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ پیشاب دیر تک قطروں کی صورت میں آتا ہو تو اس کے استعمال سے اعتدال پر آجاتا ہے۔ مثانے کے درد اور ورم کی شکایت میں فائدہ مند ہے۔

☆....پانچ پانچ گرام صبح اور شام کو پانی سے کھائیں۔

تریاقِ نزلہ

پرانے اور وبائی نزلہ وزکام میں مفید ہے۔بلغم کی تولید کو اعتدال پر لاتا ہے،بلغم کی شوریت کو دور کرتا ہے،غشائے مخاطی کا ورم اس کے استعمال سے رفع ہو جاتا ہے۔

☆....پانچ پانچ گرام صبح اور رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

جمیلان

مغلظ منی معجونوں وغیرہ کے استعمال سے بعض مریضوں کے فعلِ ہضم پر بُرا اثر پڑتا ہے،اس خامی کو دور کرنے کے لیے مسیح الملک حکیم جمیل خاں مرحوم ومغفور نے برسوں کے تجربات کے بعد جمیلان کا نسخہ ایسے اجزائے مؤثر سے مرتب کیا جن اجزاء کا معدے پر قطعی کوئی ناگوار اثر نہیں پڑتا اور بلاشبہ جمیلان جریان کی ایک کامیاب اور مجرب دوا ہے۔اس کے استعمال سے مادۂ منویہ غلیظ ہو جاتا ہے۔ پیشاب سے پہلے یا بعد میں مادۂ منویہ کا قطروں کی صورت میں اخراج رُک جاتا ہے۔

☆....ایک قرص سے دو قرصوں تک،ایک کپ گرم دودھ سے صبح کھائیں۔

جوشاندہ

نزلہ،زکام اور کھانسی کو فائدہ پہنچاتا ہے۔ سینے سے بلغم کو نکالتا ہے۔ناک کی غشائے مخاطی کے ورم کو دور کرتا ہے۔

☆.... تقریباً ایک گلاس پانی میں جوش دے کر چھان کر ضرورت کے مطابق چینی ملا کر صبح اور شام اور اسی طرح رات کو سوتے وقت پئیں۔

جوشاندی

صدیوں کے آزمودہ جوشاندے کی ترقی یافتہ شکل ہے جسے حکیم محمد نبی خاں جمال سویدا نے طویل تجربات کے بعد قرصوں کی شکل میں اس طرح منتقل کیا ہے کہ جوشاندے کے تمام تر فوائد اور خصوصیات ''جوشاندی'' کی ایک ٹکیہ میں موجود ہیں۔

☆....ایک یا دو ٹکیاں ایک کپ تیز گرم پانی میں حل کر کے بقدر ضرورت چینی ملا کر دن میں ایک یا دو مرتبہ استعمال کریں۔

جواہر مُہرہ

دل،دماغ اور جگر کو فوری طور پر قوت پہنچاتا ہے۔نقاہت دور کرتا ہے۔اعضائے رئیسہ یعنی دل،دماغ،جگر کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔فرحت بخش ہے۔زمانۂ قدیم سے طبِ یونانی کی مایہ ناز دواؤں میں اس کا شمار ہوتا ہے۔

☆....دو چاول یا ایک قرص ایک تولہ گرم بالائی یا مناسب بدرقہ میں ملا کر روزانہ نہار منہ کھائیں۔

جوہرِ عجائب

جوہرِ عجائب کا نسخہ حکیم محمد نبی خاں جمال سویدا کے طویل تجربات کا حاصل ہے۔قیمتی اجزاء کا یہ مرکب بہترین مقوی باہ ہے۔ مردانہ طاقت کو بڑھاتا اور انتشار میں سختی پیدا کرتا ہے۔اعصاب کی کمزوری کے لئے بھی فائدہ مند اور مجرب ہے۔

☆....ایک قرص،دس گرام یعنی چائے کے چمچہ بھر مکھن یا بالائی میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں۔دس پندرہ منٹ کے بعد ناشتہ کریں۔

جوارش آملہ سادہ

آنتوں کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ معدے کو قوت دیتی ہے۔ دستوں کو روکتی ہے۔ فرحت بخش ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام صبح اور شام کو پانی سے کھائیں۔

جوارش انارین

صفرا کی زیادتی کو کم کرتی ہے۔ صفراوی دستوں کو روکتی ہے۔ صفراوی مزاج والوں کے معدے کو قوت دیتی اور بھوک لگاتی ہے۔ متلی کی شکایت میں مفید ہے۔ یرقان کو رفع کرتی ہے۔ مفرح اور مسکن ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام کھانے کے بعد دوپہر اور رات کو پانی سے کھائیں۔

جوارش بسباسہ

غذا کو ہضم کرتی اور بھوک لگاتی ہے۔ معدے کی بلغمی رطوبت کو جذب کرتی اور پیٹ کو بڑھنے سے روکتی ہے۔ بادی اور ریح البواسیر کی شکایت میں مفید ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام بعد غذا دوپہر وشب پانی سے کھائیں۔

جوارش جالینوس

معدے کی فاسد رطوبت کو جذب کرتی ہے۔ معدے کو طاقت دیتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ ریح کو خارج کرتی اور تولید ریح کو روکتی ہے۔ آنتوں اور جگر کی کمزوری میں مفید ہے۔ دو سال قبل مسیح سے آج تک ''جوارش جالینوس'' کی افادیت مسلّم ہے۔

☆.... پانچ گرام صبح نہار منہ پانی سے کھائیں یا پانچ گرام بعد غذا دوپہر وشب دو وقت استعمال کریں۔

جوارش زرعونی عنبری

گردوں کو طاقت دیتی ہے اور ان کے فعل کو درست کرتی ہے۔ گردوں کی کمزوری سے اگر کمر میں درد رہتا ہو تو اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ گردوں کے لیے طب یونانی کے معتبر مرکبات میں اس کا شمار کیا جاتا ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام جوارش صبح اور رات کو پانی سے کھائیں۔

جوارش زرعونی سادہ

گردوں کو طاقت دے کر ان کے فعل کو اعتدال پر لاتی ہے۔ گردوں کی بُرودت کو دور کرتی اور انہیں گرم رکھتی ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام جوارش صبح اور رات کو پانی سے کھائیں۔

جوارش شاہی

معدے کو قوت دیتی ہے۔ بھوک لگاتی اور معدے کی تبخیر کو روکتی ہے، مراق اور خفقان کی شکایت میں مفید ہے۔ فاسد خیالات سے دماغ کو پاک رکھتی ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام کھانا کھانے کے بعد دوپہر رات کو پانی سے کھائیں۔

جوارش طباشیر

گرم مزاج والوں کے معدے کو طاقت دیتی ہے۔ معدے کی تبخیر میں مفید ہے۔ پیاس کی زیادتی کو دور کرتی ہے اور صفراوی دستوں کو روکتی ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام بعد غذا دوپہر وشب پانی سے کھائیں۔

جوارش عُود شیریں

مقویٔ معدہ ہے۔ ریح کی کثرت کو کم کرتی اور بھوک لگاتی ہے۔ معدے میں اگر تیزابیت کی زیادتی ہو تو اس کے استعمال سے اعتدال پر آجاتی ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام کھانا کھانے کے بعد دوپہر اور رات کو پانی سے کھائیں۔

جوارش عُود تُرش

معدے کو قوت پہنچاتی ہے۔ اگر معدے میں تیزابیت کی کمی ہوگئی ہو تو اس کمی کو دور کرتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ صفراوی اور گرم مزاج حضرات کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ یرقان کی شکایت میں جوارشِ عود تُرش کا استعمال سودمند ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام کھانا کھانے کے بعد دوپہر اور رات کو پانی سے کھائیں۔

جوارشِ فواکہ عنبری

مقوی معدہ ہے۔ تبخیر کی شکایت میں مفید ہے۔ دل و دماغ کو فرحت بخشتی اور انہیں قوت پہنچاتی ہے۔ مسکّن ہے، خفقان کو دور کرتی ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام کھانا کھانے کے بعد دوپہر اور رات کو پانی سے کھائیں۔

جوارشِ فواکہ سادہ

معدے کو قوت دیتی اور گھبراہٹ وغیرہ کو دور کرتی ہے۔ دل اور دماغ کے لیے فرحت بخش ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام کھانا کھانے کے بعد دوپہر اور رات کو پانی سے کھائیں

جوارش کمونی

پیٹ کے درد، ہضم کی خرابی، ریح کی کثرت اور نفخ کو دور کرتی ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ ہچکی کی شکایت کو رفع کرتی ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام بعد غذا دوپہر و شب یا ضرورت کے وقت پانی سے کھائیں۔

جوارش مصطگی (بہ نسخہ کلاں)

معدے کی قوتِ ماسکہ (روکنے کی قوت) کو بڑھاتی ہے۔ معدے، جگر اور مثانے کو قوت دیتی ہے۔ اگر پیشاب کثرت سے یا بار بار آنے کی شکایت ہو تو اس جوارش کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام صبح اور رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

جوارش مصطگی (سادہ)

معدے اور مثانے کو قوت دیتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو کم کرتی ہے۔ بچوں کے پیشاب کی کثرت یا سوتے میں بستر پر پیشاب کرنے کی بیماری اس جوارش کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام صبح اور رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔ بچوں کو تین گرام سے پانچ گرام تک رات کو سوتے وقت دیں۔

جن سکس

جن سکس تین جڑی بوٹیوں کا مرکب ہے۔ اس کی معیار بندی جدید سائنسی اصولوں کو مدنظر رکھ کر کی گئی ہے۔ تینوں جڑی بوٹیاں جسمانی اور ذہنی اعضا کو طاقت فراہم کرنے کے علاوہ نظام خون کو متحرک کرتی ہیں اور جنسی نظام کی توانائی کے لئے بے حد ضروری ہے۔

حبِّ ازراقی

اعصابی بیماریوں میں فائدہ مند ہے۔ فالج، لقوہ، رعشہ وغیرہ کی شکایت میں بکثرت استعمال ہوتی ہے۔ اعصاب کو قوت پہنچاتی ہے۔

☆.... ایک سے دو گولیوں تک ناشتہ کے بعد پانی یا ایک کپ گرم دودھ سے کھائیں۔

حبِّ اسگند

گٹھیا اور دیگر اعصابی دردوں میں مفید ہے۔ اگر بلغم کی زیادتی کی وجہ سے کمر میں درد رہتا ہو تو اس کے استعمال سے رفع ہو جاتا ہے۔

☆.... دو سے چار گولیوں تک سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

حبِّ اعصاب

اعصابی بیماریوں میں مفید ہے۔ اعصاب کو طاقت دیتی ہے۔ اگر اعصاب کی کمزوری سے ضعفِ باہ کی شکایت ہوگئی ہو تو اس

کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔
☆....ایک ایک گولی کھانا کھانے کے بعد دوپہر اور رات کو پانی سے کھائیں۔

حبِّ ایارج

پرانے دردِ سر اور دیگر دماغی بیماریوں کا شافی علاج ہے۔اسہال کے ذریعہ دماغ کا تنقیہ کرتی ہے۔
☆....معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔

حبِّ بحتہ الصّوت

کھانسی کی شدت، نزلی رطوبت یا کسی اور سبب سے اگر آواز بیٹھ جائے یا بھاری ہو جائے تو ان گولیوں کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتی ہے۔
☆....دو گولیاں رات کو سوتے وقت منہ میں رکھ کر چوسیں۔بچوں کو ایک گولی استعمال کرائیں

حبِّ سُرخ بواسیر

خونی بواسیر کی مجرب دوا ہے۔بواسیر کے خون کو بند کرتی ہے۔بواسیر کے علاوہ نکسیر وغیرہ کی شکایت میں مفید ہے۔
☆....دو سے چار گولیوں تک ایک کپ دہی کے پانی کے ساتھ صبح نہار منہ کھائیں۔بچوں کو ان کی عمر کے مطابق ایک سے دو گولیوں تک دیں۔

حبِّ سُرفہ

کھانسی خشک ہو یا بلغمی، دونوں صورتوں میں یکساں فائدہ پہنچاتی ہے۔بلغم کی کثرت کو دور کرتی ہے۔
☆....ایک گولی سے دو گولیوں تک صبح و رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔بچوں کو ان کی عمر کے مطابق نصف سے ایک گولی تک ایک چمچہ پانی میں حل کر کے پلائیں۔

حُبِّ پپیتہ

شدید بدہضمی اور پیٹ کے درد کی شکایت میں مفید و کامیاب ہے۔اپھارے کو دور کرتی اور بھوک لگاتی ہے۔
☆....دو دو گولیاں کھانا کھانے کے بعد دوپہر و رات کو پانی سے کھائیں یا بوقتِ ضرورت استعمال کریں۔

حبِّ پیچش اجملی

پرانی پیچش میں فائدہ مند ہے۔مروڑ اور آنوں کی تکلیف کو رفع کرتی ہے۔
☆....دو گولیوں سے چار گولیوں تک رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

حبِّ تنکار

دائمی قبض کو دور کرتی ہے۔اس کے استعمال سے اجابت با قاعدہ ہوتی ہے۔بھوک لگاتی ہے۔
☆....دو سے چار گولیوں تک رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

حبِّ جالینوس

مردانہ قوت کو بڑھاتی اور اعصاب کو طاقت دیتی ہے۔معدے کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔اس کے طویل استعمال سے بلغم کی کثرت کم ہو جاتی ہے۔
☆....دو دو گولیاں صبح و شام یا ایک وقت پانی سے کھائیں۔

حبِّ جدوار خاص

پرانے نزلہ، زکام اور کھانسی کو فائدہ پہنچاتی ہے۔دماغ اور اعصاب کو قوت دیتی ہے اور سکون بخشتی ہے۔جریان و سرعت کی شکایت میں مفید ہے۔
☆....ایک سے دو گولیوں تک رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

حبِّ جواہر

فرحت بخش ہے، اختلاج کی شکایت میں فائدہ مند ہے۔ دل کو طاقت دیتی ہے۔ جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے اور مقوی دماغ ہے۔

☆.... ایک گولی صبح ایک گولی شام کو دس گرام نیم گرم بالائی یا پانچ گرام خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا میں ملا کر صبح وشام کھائیں۔

حبِّ جواہر مُسکّن

اعصابی ہیجان، اختلاج، گھبراہٹ اور بے چینی کو دور کرتی ہے۔ دل، دماغ اور جگر کو طاقت پہنچاتی ہے۔

☆.... ایک ایک گولی دس گرام نیم گرم بالائی یا پانچ گرام خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا میں ملا کر صبح وشام کھائیں۔

حبِّ حلتیت

ہاضم ہے، بھوک لگاتی ہے، غلیظ ریح کو آسانی سے خارج کرتی ہے، پیٹ کے درد اور اپھارے کی شکایت اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔

☆.... دو دو گولیاں کھانا کھانے کے بعد دوپہر ورات کو پانی سے کھائیں یا ضرورت کے وقت استعمال کریں۔

حبِّ حمل

اندرونِ رحم کی بیماریاں اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہیں۔ رحم کو مضبوط کرتی اور حمل قرار پانے کے قابل بناتی ہے۔

☆.... دو گولیاں صبح نہار منہ پانی سے کھائیں۔

ہدایت: ان گولیوں کو کم از کم دو تین ماہ متواتر استعمال کیا جائے۔

حبِّ خاص

پٹھوں کو طاقت پہنچاتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کے افعال کو درست کرتی ہے۔ بلغمی امراض میں مفید ہے۔ مردانہ قوت بڑھاتی ہے اور اعضائے رئیسہ کی کمزوری کو رفع کرتی ہے۔

☆.... ایک ایک گولی کھانا کھانے کے بعد دوپہر ورات کو پانی سے کھائیں۔

حبِّ خاص بڑے حکیم صاحب والی

مقویٔ اعضائے رئیسہ ہے یعنی دل، جگر اور دماغ کو تقویت دیتی ہے۔ بہترین مقویٔ اعصاب ہے۔ پٹھوں کو تر وتازہ، مضبوط اور توانا بناتی ہے۔ مردانہ طاقت میں اضافہ کرتی ہے۔ اجمل اعظم کی بیاض کا مجرب اور کامیاب نسخہ ہے۔

☆.... ایک ایک گولی کھانا کھانے کے بعد دوپہر ورات کو پانی سے کھائیں۔

حبِّ رال

معدے اور آنتوں کے زخموں کا بہترین علاج ہے۔ معدے اور آنتوں کے زخموں کو مندمل کرتی ہے۔ اگر منہ یا پاخانے کے راستے سے خون آرہا ہو تو اسے روکتی ہے۔

☆.... ایک ایک گولی صبح وشام پانی سے کھائیں۔

حبِّ رسوت

خونی اور بادی بواسیر میں مفید ہے۔ مصفیٔ خون ہے۔ چہرے کی جھائیوں، مہاسوں اور دانوں کو دور کرتی ہے۔ خارش اور پھوڑے پھنسیوں کی شکایت میں فائدہ مند ہے۔ آنکھیں دُکھنے کی بیماری میں مجرب ہے۔

☆.... ایک سے دو گولیوں تک صبح نہار منہ پانی یا عرق مُنڈی ایک کپ کے ساتھ کھائیں۔ بچوں کو ایک گولی ایک چمچہ پانی میں حل کر کے پلائیں۔

حبِّ سورنجان

گھٹیا یعنی جوڑوں کے درد، عرق النساء یعنی ٹانگوں کے درد کی شکایت میں مفید اور مجرب ہے۔ فاسد اور بلغمی مادّے کو خارج کرتی ہے۔

☆.... ایک ایک یا دو دو گولیاں صبح ورات کو پانی سے کھائیں۔

حبِ صرع
صرع یعنی مرگی کے مرض کی کامیاب دوا ہے۔ دورے کی شدت کو رفتہ رفتہ کم کر کے مرض کو دور کر دیتی ہے۔ ان گولیوں کو کم از کم دو ماہ مسلسل استعمال کرنا چاہئے۔

☆.... ایک گولی سے دو گولیوں تک صبح پانی سے کھائیں۔

حبِ عنبر مومیائی (اجملی)
مردانہ قوت کو بڑھاتی اور اسے مضبوط بناتی ہے۔ اعصاب کو توانائی بخشتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ اجمل اعظمؒ کے مخصوص مجربات میں اس کا شمار ہوتا ہے۔

☆.... ایک گولی صبح، ایک گولی شام کو ایک کپ گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔

حبِ کبد نوشادری (اجملی)
غذا کو ہضم کرتی ہے۔ خوب بھوک لگاتی ہے۔ پیٹ کی گرانی، اپھارے اور بدہضمی کی شکایت میں مفید ہے۔ غلیظ ریح کو توڑ کر خارج کرتی ہے۔ جگر کا فعل اس کے استعمال سے درست ہو جاتا ہے۔ بچوں کے جگر کی خرابی میں خاص طور پر فائدہ مند ہے۔

☆.... ایک سے دو گولیوں تک کھانا کھانے کے بعد دوپہر اور رات کو پانی سے کھائیں یا ضرورت کے وقت استعمال کریں۔ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق ایک ایک گولی دیں۔

حبِ کیمیائے عشرت
مردانہ قوت میں اضافہ کرتی ہے اور انتشار کو مضبوط بناتی ہے۔ اعصاب کی کمزوری کی وجہ سے اگر سُرعت کی شکایت ہوگئی ہو تو ان گولیوں کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔

☆.... ایک گولی ایک کپ گرم دودھ کے ساتھ رات کو کھائیں۔

حبِ مُدِر
ماہواری کی کمی اور درد سے آنے کی شکایت کو دور کرتی ہے۔ اس کے دو تین ماہ مسلسل استعمال سے ماہواری معمول پر آجاتی ہے۔

☆.... دو گولیاں صبح پانی کے ساتھ کھائیں یا دو دو گولیاں صبح اور شام استعمال کریں۔

ہدایت: ماہواری کے دوران میں یہ گولیاں استعمال نہ کریں۔

حبِ مسکون
ذکاوتِ حس کو دور کرتی ہے۔ جریان کی شکایت میں مفید ہے۔ کثرتِ احتلام کو روکتی ہے۔ اعصاب کے لیے مسکّن ہے۔

☆.... ایک ایک گولی پانی کے ساتھ صبح اور شام کھائیں۔

حبِ مُقل
ریحی، بادی اور خونی بواسیر میں مفید اور مجرب ہے۔ اس کے استعمال سے ہر قسم کی بواسیر کو آرام آجاتا ہے یا شدت کم ہو جاتی ہے۔

☆.... دو دو گولیاں صبح و رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

حبِ مُمسک مشکی خاص
اِمساک پیدا کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے وقت پر شرمندگی نہیں ہوتی۔ اِمساک یعنی رکاوٹ کے لیے نہایت کامیاب اور مجرب دوا ہے۔ اس کے استعمال سے امساک اپنی طبعی حالت پر آجاتا ہے۔ پھر خوبی یہ کہ ہر قسم کی مضرت سے مبرّا ہے۔

☆.... مستقل فائدے کے لیے ایک گولی صبح ایک گولی شام کو پانی سے کھائیں۔ وقتی ضرورت کے لیے دو گولیوں سے چار گولیوں تک ایک کپ گرم دودھ کے ساتھ صحبت سے ایک گھنٹہ پہلے استعمال کریں۔

خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا

دل کو طاقت دیتا اور دل کی غیر منظّم حرکات میں تنظیم پیدا کرتا ہے۔حرارتِ عزیزی کا محافظ ہے۔نسیان،مراق،وہم،وسوسوں اور بینائی کی کمزوری کو رفع کرتا ہے۔غشی اور بیماری کے بعد کی کمزوری میں مفید ہے۔

☆.... تین گرام سے پانچ گرام تک صبح وشام پانی سے کھائیں یا ایک وقت استعمال کریں۔

خمیرہ آبریشم شیرۂ عنّاب والا

نزلہ کی شکایت میں مفید ہے۔پھیپھڑوں کی کمزوری،خشک کھانسی،سل ودق میں مجرب ثابت ہوا ہے۔اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔

☆.... پانچ گرام خمیرہ صبح یا رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

خمیرہ آبریشم سادہ

مفّرح ہے۔گھبراہٹ،بےچینی کی شکایت میں مفید ہے۔لیس دار بلغم کو نکالتا ہے۔اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔

☆.... پانچ گرام خمیرہ صبح یا رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

خمیرہ گاؤزبان جدوار عود صلیب والا

اعصاب اور دماغ کو قوت دیتا ہے۔اعصاب اور دماغ کی کمزوری کی وجہ سے اگر نزلہ وزکام کی شکایت رہتی ہو تو اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔فالج،لقوہ،مرگی،رعشہ۔امّ الصبیان اور اختناق الرحم کی شکایت میں مفید ہے۔

☆.... پانچ گرام خمیرہ صبح نہار منہ پانی سے کھائیں۔

خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر

دماغ اور حافظہ کو قوی کرتا ہے۔نسیان (بھول) کے مرض میں مجرب ہے۔بینائی کو قوت دیتا ہے۔عقل اور ذہن کو تیز کرتا ہے۔دائمی نزلہ وزکام اور اعضاء کی تکان اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔پھر خوبی یہ کہ کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچاتا۔ہر قسم کے مزاج کا مریض بلا تکلف استعمال کر سکتا ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام خمیرہ صبح اور رات کو سوتے وقت کھائیں۔بچوں کو اُن کی عمر کے مطابق دو گرام سے چار گرام تک دیں۔

خمیرہ گاؤزبان عنبری

مقویٔ دماغ ہے،حافظہ اور بینائی کی حفاظت کرتا ہے،نزلہ وزکام میں مفید اور مجرب ہے۔یادداشت کو بڑھاتا ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام خمیرہ صبح اور رات کو پانی سے کھائیں۔

خمیرہ گاؤزبان سادہ

مفرح اور مسکّن ہے۔نزلہ وزکام کی شکایت میں فائدہ پہنچاتا ہے۔دماغ کو طاقت دیتا ہے۔

☆.... پانچ گرام سے دس گرام تک صبح نہار منہ یا رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں

خمیرہ مروارید

دل کو طاقت دیتا ہے۔اختلاج،گھبراہٹ اور بےچینی کی شکایت میں مفید ہے۔موتی جھارہ اور چیچک کی شکایت میں اس خمیرے کا استعمال سود مند ہے۔عام جسمانی کمزوری کو دور اور کیلشیم (چونے) کی کمی کو پورا کرتا ہے۔طبِّ یونانی کے مشہور و معروف مرکبات میں اس کا شمار ہوتا ہے۔

☆.... تین گرام سے پانچ گرام تک خمیرہ صبح نہار منہ کھائیں یا بوقتِ ضرورت استعمال کریں۔

خمیرہ بادام

دماغ اور بینائی کو طاقت دیتا ہے۔بالوں کو گرنے سے روکتا اور نسیان کی شکایت کو دور کرتا ہے۔مسمّن اور مقویٔ بدن ہے۔

☆.... پانچ گرام سے دس گرام تک صبح یا رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں

خمیرہ خشخاش

نزلہ وزکام میں مفید ہے۔ کھانسی کی شکایت اس کے استعمال سے جاتی رہتی ہے اور بلغمی رطوبت کو خشک کرتا ہے۔ حساسیت (الرجی) میں فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔

☆.... پانچ گرام سے دس گرام تک صبح یا رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

خمیرہ بنفشہ

بخار کی تیزی اور پیاس کی شدت کو کم کرتا ہے۔ گلے کے ورم کو دور کرتا ہے۔ ہلکا ملیّن ہے۔

☆.... طبیب کے مشورے سے، دس گرام سے بیس گرام تک جوشاندے یا خیساندے میں حل کر کے استعمال کریں یا دس گرام صبح اور دس گرام رات کو پانی سے کھائیں۔

خمیرہ زمُرد اجملی

گردوں کو طاقت دیتا ہے۔ کلاہ گردہ کی خرابی کو دور کرتا ہے۔ گردوں کی کمزوری کی وجہ سے اگر پیشاب کم آ رہا ہو تو اس خمیرے کے استعمال سے پیشاب اعتدال پر آ جاتا ہے۔ اگر پیشاب میں چربی کے اجزاء (ایلبومن) آ رہے ہوں تو اس خمیرے کے استعمال سے موقوف ہو جاتے ہیں۔

☆.... پانچ پانچ گرام خمیرہ پانی سے صبح وشام کھائیں۔

خمیرہ دانائی

حافظہ یعنی یادداشت اور دماغی کمزوری میں مفید ہے۔ بینائی کو تقویت دیتی ہے۔

☆.... ایک چمچہ صبح استعمال کریں۔

دواء الشفا اجملی

دیوانگی (پاگل پن) کی نہایت کامیاب اور مجرب دوا ہے۔ پاگل پن کے علاوہ ہسٹیریا اور بے خوابی کی شکایت میں بھی نہایت بھروسے کے ساتھ استعمال ہوتی ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کو رفتہ رفتہ کم کرتی اور اعتدال پر لاتی ہے۔

☆.... ایک ایک قرص صبح اور رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

دواء المسک معتدل جواہر

دل کو طاقت دیتی اور دل کے فعل کو مضبوط کرتی ہے۔ دل کی بے ترتیب حرکات کو اعتدال پر لاتی ہے۔ دل کے اعصابی ریشوں کو توانائی بخشتی ہے۔ طبِ یونانی میں دل کے امراض کے لیے مجرب ترین دوا ہے اور اس دوا میں کسی قسم کی مضرت کا پہلو نہیں ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام صبح اور رات کو پانی سے کھائیں۔

دواء المسک معتدل سادہ

دل کو قوی کرتی ہے۔ خفقان اور مالیخولیا کی شکایت میں مفید ہے۔ معدے کو طاقت دیتی ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام صبح اور رات کو پانی سے کھائیں۔

دوائے عجیب ذیابیطس

ذیابیطس یعنی پیشاب میں شکر آنے کی بیماری یا خون میں شکر بڑھ جانے کی صورت میں دوا مفید ہے۔ مرض کو بتدریج کم کرتی ہے۔

☆.... ایک ایک یا دو دو قرص پانی سے صبح اور رات کو سوتے وقت کھائیں۔

دوائے پتھری اجملی

اجمل اعظمؒ کے خاص اور مایہ ناز مجربات سے ہے۔ گردے و مثانے کی پتھری میں اس کا استعمال فائدے مند ہے۔ عام طور پر گردے اور مثانے کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جاتی ہے۔ گردے یا مثانے کو یہ دوا کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچاتی۔

☆....ایک ایک یا دو دو قرص ایک ٹیبل اسپون سکنجبین بزوری میں حل کر کے صبح اور رات کو سوتے وقت کھائیں۔

دوائے غدُود

گلے اور گردن کے بڑھے ہوئے اور متورّم غدُود کی بیماری میں فائدہ مند ہے۔

☆....ایک ایک یا دو دو قرص صبح اور شام کو پانی سے کھائیں۔

دوائے جھاڑ جدید

رحم کی خراب رطُوبات کو صاف کرتی ہے۔ ورمِ رحم کے علاج کے بعد پانچ دن تک دوائے جھاڑ کا استعمال ضروری ہے۔

☆....یہ دوا اندرونی استعمال کے لئے ہے۔ بذریعہ طبیبہ یا بذریعہ دایہ استعمال کرائیں۔

دوائے سمیٹ جدید

رحم کی مضبوطی کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ تنگی پیدا کرتی ہے۔ ورمِ رحم کے علاج اور دوائے جھاڑ کے استعمال کے بعد اس کا پانچ دن کو کورس ضروری ہے۔

☆....یہ دوا اندرونی استعمال کے لئے ہے۔ بذریعہ طبیبہ یا بذریعہ دایہ استعمال کرائیں۔

دواء الکرم کبیر

بڑھے ہوئے جگر کو اعتدال پر لاتی، جگر کے ورم کو دور کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے جگر کا فعل درست ہو جاتا ہے۔ استسقاء کے مرض میں فائدہ مند ہے۔ بڑھی ہوئی تلی کو کم کرتی ہے۔

☆....پانچ پانچ گرام صبح اور رات کو پانی سے کھائیں۔ استسقاء کی بیماری میں عرق مکوہ نصف کپ کے ساتھ دیں۔

دیاقوزہ

پرانی اور خشک کھانسی میں مفید ہے۔ گلے اور پھیپھڑے کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ طبِّ یونانی میں زمانہ قدیم سے اس کا استعمال رائج ہے۔

☆....دس گرام سے بیس گرام تک رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

دوائے ڈپٹی صاحب

پرانے جریان کو دور کرتی ہے۔ خاص طور پر بوڑھے مردوں کے لیے۔ دوائے ڈپٹی صاحب کے استعمال سے مادہ تولید غلیظ ہو جاتا ہے۔

☆....ایک قرص یا دو قرص تک تولہ دودھ میں ملا کر استعمال کریں۔

روغنِ بابُونہ

سخت ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ سردی کے اثر سے جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو اس کے استعمال سے رفو ہو جاتا ہے۔ گردوں کے ورم اور درد میں بالخصوص فائدہ مند ہے۔

☆....ضرورت کے مطابق یہ روغن گرم کر کے رات کو سوتے وقت تکلیف کے مقام پر ملیں۔

روغنِ بواسیر خاص

بواسیر کی شکایت میں مفید ہے۔ درد اور جلن کو رفع کر کے پھولے ہوئے مسّوں کو خشک کرتا ہے۔

☆....اجابت سے فراغت کے بعد یہ روغن صبح اور رات کو پھریری سے مسّوں پر لگائیں۔

روغن بیر بہوٹی خاص

مردانہ عضو کو طاقت دیتا اور عضوِ مخصوص کی اسفنجی ساخت کو توانائی بخشتا ہے۔ بے ضرر اور مجرب ہے۔

☆....چار پانچ قطرے روغن رات کو عضوِ مخصوص پر نرم ہاتھ سے چار پانچ منٹ تک ملیں۔ کپڑا وغیرہ باندھنے کی ضرورت نہیں۔

روغنِ چہار برگ

کمر اور گردن کے پٹھوں کے درد میں مفید ہے۔ دیگر اعصابی دردوں میں بھی سودمند ثابت ہوا ہے۔

☆.... بقدرِ ضرورت گرم کر کے رات کو سوتے وقت درد کی جگہ ملیں۔

روغنِ خشخاش

بے خوابی کی شکایت میں مفید ہے۔ اس روغن کے استعمال سے دماغ کی خشکی دور ہوجاتی ہے اور خوب نیند آنے لگتی ہے۔

☆.... بقدرِ ضرورت روغن سوتے وقت سر اور کنپٹیوں پر ملیں۔

روغن تسکین درد اجملی

روغن تسکین درد ایک موثر یونانی فارمولے کے مطابق کئی قسم کے نباتاتی تیل اور ان کے موثر اجزا کو باہم ملا کر تیار کیا گیا۔ یہ روغن مختلف قسم کے درد مثلاً گٹھیا (جوڑوں کا درد)، گردن، سینے، پٹھوں کا درد اور اعصابی درد میں فوراً آرام پہنچاتا ہے۔ سردی کی وجہ سے اگر جسم کے کسی حصے میں درد ہو تو وہ بھی اس کے استعمال سے رفع ہوجاتا ہے۔

☆.... دن میں دو یا تین بار درد کی جگہ پر نرم ہاتھ سے ملیں یا حسبِ ضرورت استعمال کریں۔

روغنِ سُرخ

فالج، لقوہ اور استرخا کی شکایت میں نہایت مفید ہے۔ اعصابی دردوں اور سُن ہونے کی شکایت کو رفع کرتا ہے۔ ہاتھ پاؤں کے اکڑاؤ کو دور کرتا ہے۔

☆.... بقدرِ ضرورت روغن ہلکا سا گرم کر کے تکلیف کے مقام پر رات کو سوتے وقت نرم ہاتھ سے ملیں۔

روغن ساعت کُشا شریفی

ثقل سماعت یعنی کم سُنائی دینے کی شکایت میں روغن ساعت کُشا شریفی کا استعمال فائدہ مند ہے۔ خشکی کو دور کرتا ہے۔ دو قطرے روغن ہلکا سا گرم کر کے رات کو سوتے وقت کان میں ٹپکائیں۔

☆.... دونوں کانوں میں تکلیف ہو تو دو دو قطرے دونوں کانوں میں ڈالیں۔

روغنِ سورنجان

گٹھیا یعنی جوڑوں کے درد کی شکایت میں فائدہ مند اور مجرب ہے۔ دیگر اقسام کے دردوں کو بھی دور کرتا ہے۔

☆.... بقدرِ ضرورت روغن گرم کر کے درد کے مقام پر سوتے وقت ملیں۔

روغنِ قسط

فالج، اِسترخاء اور لقوے کی بیماری میں اس کی مالش مفید ہے۔ پٹھوں کو قوت دیتا ہے۔ سردی کی وجہ سے اگر جسم کے کسی حصے میں درد ہو تو وہ بھی اس کے استعمال سے رفع ہوجاتا ہے۔

☆.... بقدرِ ضرورت گرم کر کے تکلیف کے مقام پر روزانہ ملیں۔

روغنِ کاہُو

دماغ کی خشکی اور گرمی کو دور کر کے نیند لاتا ہے۔ گرمی کی وجہ سے اگر دردِ سر کی شکایت ہوجائے تو روغن کاہو کے استعمال سے رفع ہوجاتی ہے۔

☆.... بقدرِ ضرورت رات کو سوتے وقت سر پر ملیں۔

روغنِ کُچلہ

پٹھوں کو مضبوط بناتا اور جوڑوں کے درد میں تسکین دیتا ہے۔ پٹھوں کے درد کو دور کرتا ہے۔ بلغمی رطوبات کی وجہ سے اگر جوڑوں میں درد ہو تو اس کے استعمال سے رفع ہوجاتا ہے۔

☆....رات کوسوتے وقت تکلیف کی جگہ ہلکا سا گرم کر کے ملیں۔

روغن کدو شیریں

دماغ کوٹھنڈک پہنچاتا اور نیند لاتا ہے۔ دماغ کی خشکی دور کرتا ہے اور مقویٔ دماغ ہے۔

☆....بقدرِضرورت رات کوسوتے وقت سر پر ملیں۔

روغن گل

معدے، پیٹ اور رحم کے ورم کو تحلیل کرتا ہے، دماغ کوٹھنڈک پہنچاتا ہے، سرسام کی شکایت میں مفید ہے۔ معدہ اور پیٹ وغیرہ کے لیے بقدرِ ضرورت روغن ہلکا سا گرم کر کے رات کوسوتے وقت مقام ورم پر لیپ کریں۔

☆....ورمِ رحم کی شکایت میں دوسری دواؤں کے ساتھ بذریعہ دایہ استعمال ہوتا ہے۔ ☆....سرسام کی شکایت میں دوٹیبل اسپون روغن گل میں دوٹیبل اسپون عرق گلاب ملا کر برف سے خوب ٹھنڈا کریں اور کپڑے بھگو کر سر پر رکھیں۔ تیز بخار میں بھی یہ عمل بہت مفید ہے۔

روغن لبوبِ سبعہ

دماغ کو طاقت دیتا اور اس کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ بے خوابی کی شکایت میں مفید ہے۔ چندروز استعمال سے خوب گہری نیند آنے لگتی ہے۔

☆....بقدرِضرورت رات کوسوتے وقت سر پر ملیں۔

روغن گیسو دراز اجملی

یہ تیل بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا اور انہیں ملائم و چمکدار بناتا ہے بالوں کو گرنے سے روکتا ہے۔ روغن گیسو دراز کے استعمال سے بال گھنے اور دراز ہو جاتے ہیں اور وقت سے پہلے سفید نہیں ہوتے نہایت خوش رنگ اور خوشبودار تیل ہے۔

☆....ضرورت کے مطابق عام تیلوں کی طرح استعمال کریں۔

روغن گیلانی

بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا اور انہیں گرنے سے روکتا ہے اس روغن میں سفید بالوں کو سیاہ کرنے کی خاصیت موجود ہے۔

☆....عام تیلوں کی طرح استعمال کریں۔

روغنِ لونگ

پٹھوں کی سردی اور کمزوری کو دور کرتا ہے۔ فالج، لقوہ، استرخاء وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔ دانتوں اور دردِ سر کی شکایت میں مفید ہے۔

☆....بقدرِضرورت تکلیف کی جگہ پر لگائیں۔

روغن بادام شیریں

☆نمبر 1۔ یہ دوائی روغن بہترین قبض کُشا ہے۔ آنتوں کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ آنتوں میں ازلاقی کیفیت پیدا کر کے اجابت لاتا ہے۔ ☆ایک چمچہ سے دو چمچہ چائے والا ایک کپ گرم دودھ میں ملا کر بقدرِضرورت قند سپید شامل کر کے رات کوسوتے وقت کھانے کے ڈیڑھ دو گھنٹے کے بعد پئیں۔ دائمی قبض کے لیے چندروز مسلسل استعمال کریں۔

☆نمبر 2۔ کانوں کی خشکی کی وجہ سے جو تکالیف رہتی ہیں اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہیں۔ ☆دو دو قطرے خفیف سا گرم کر کے دونوں کانوں میں دن میں ایک وقت چندروز تک ٹپکائیں۔ ناک کی خشکی کی شکایت میں انگلی سے ہلکا سا لگا لیا کریں۔

☆نمبر 3۔ دماغ کی خشکی کو رفع کرتا ہے۔ دماغ میں تراوٹ پیدا کرتا ہے۔ خواب آور بھی ہے بشرطیکہ دماغ کی خشکی کی وجہ سے نیند کی کمی ہو۔

☆نمبر 4۔ بقدرِضرورت روغن بادام کی جڑوں میں رات کوسوتے وقت چندروز روزانہ جذب کریں۔ پرہیز گرم اشیاء سے۔

روغن آملہ

دماغ کو قوت دیتا ہے اور بالوں کو گرنے سے روکتا ہے۔ اس کے استعمال سے بالوں کی جڑیں مضبوط ہو جاتی ہیں۔ اور ان کی سیاہی قائم رہتی ہے۔

☆.... عام تیلوں کی طرح سر پے لگائیں۔

روغن ناریل

بالوں کو بڑھاتا اور اس کے استعمال سے بال چمکدار اور ملائم ہو جاتے ہیں اگر جلے ہوئے جسم کے حصہ پر فوری یہ روغن لگا دیا جائے تو آبلہ نہیں پڑتا۔ کھانا پکانے کے لیے بہترین آئل ہے۔ نئے بال اگاتا ہے بطور کھانے اور جلد کے لئے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

☆.... عام تیلوں کی طرح سر پے لگائیں۔ سردیوں میں تیل جمنے کی صورت میں ہلکا سا گرم کر کے استعمال کریں۔

روغن گیسو دراز

یہ تیل بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اور انہیں ملائم اور چمکدار بناتا ہے۔ بالوں کو گرنے سے روکتا ہے۔ گیسو دراز سے بال گھنے اور دراز ہو جاتے ہیں اور وقت سے پہلے سفید نہیں ہوتے۔

☆.... عام تیلوں کی طرح سر پے لگائیں۔

روغن زیتون

جلد کے رنگ کو نکھارتا ہے بدن کو فربہ کرتا ہے۔ افزائش حسن کے لیے زمانہ قدیم سے روغن زیتون کا استعمال رائج ہے۔ دائمی قبض اور آنتوں کی خشکی دور کرتا ہے۔ کھانا پکانے کے لیے بہترین آئل ہے۔

☆.... بقدرِ ضرورت روغن گرم کر کے تمام جسم پر مالش کریں۔ مالش کے نصف گھنٹہ کے بعد گرم پانی اور صابن سے نہائیں۔ اگر کھانا ہو تو ایک یا دو ٹیبل اسپون روغن ایک کپ گرم دودھ میں ملا کر رات کو سوتے وقت پئیں۔

سنون کلاں

دانتوں کو مضبوط کرتا اور انہیں صاف رکھتا ہے۔ دانتوں کی پالش اس کے استعمال سے محفوظ رہتی ہے۔

☆.... بقدرِ ضرورت صبح اور رات دانتوں پر ملیں اور تھوڑی دیر بعد کلی کر لیں۔

سرکہ انگوری

معدے اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔ اس کے استعمال سے خوب کھل کر بھوک لگتی ہے۔ بصارت کو بڑھاتا اور دماغ کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

☆.... تین گرام سرکہ صبح شام پانی میں ملا کر پئیں یا دوپہر اور رات کو کھانے کے پہلے کھائیں۔

سی۔کو

جگر، معدہ، آنتوں، رحم اور دیگر اندرونی ورموں کو تحلیل کرتی ہے اور ان اعضاء کے فعل کو اعتدال پر لاتی ہے۔ پیٹ کی گرانی، نفخ بدہضمی وغیرہ کی شکایت ''سی کو'' کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔ پیٹ کی خرابی اور ورموں کی وجہ سے جو بخار ہوتے ہیں ان میں بھی منفعت بخش ہے۔ دوا خانہ حکیم اجمل خان کی مجرب دواؤں میں اس کا شمار ہوتا ہے۔

☆.... ایک ٹیبل اسپون صبح اور ایک ٹیبل اسپون شام کو تھوڑا سا پانی ملا کر پئیں۔

سوزی

پیشاب کی جلن اور پیشاب کی نالی کے درد کی شکایت میں مفید ہے۔ پیشاب کے ساتھ اگر پیپ آنے کی شکایت ہو تو اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔

☆.... ایک ایک قرص صبح اور شام پانی سے کھائیں۔

سفوفِ استحاضہ خاص

حیض کی زیادتی کا شافی علاج ہے۔اس سفوف کے استعمال سے کسی تکلیف کے بغیر خون کے بکثرت آنے کی شکایت رفتہ رفتہ اعتدال پر آجاتی ہے۔

☆.... تین گرام سے پانچ گرام تک پانی یا دہی کی لسی ایک گلاس سے صبح اور شام دو وقت کھائیں۔

سفوفِ برص اجملی

پھلبہری یعنی جسم کے سفید دھبوں کا مجرب علاج ہے۔طب یونانی میں "سفوف برص اجملی" سے بہتر برص کی کوئی دوسری دوا نہیں۔

☆.... پانچ گرام سفوف ایک کپ پانی میں رات کو بھگو دیں۔صبح صرف پانی نتھار کر پی لیں۔ پھوک میں تھوڑا سا دیسی سرکہ ملا کر باریک پیس کر داغوں پر لگائیں۔ یہ سفوف کم از کم تین ماہ برابر استعمال کیا جائے۔

سفوفِ چٹکی

بچوں کے پیٹ کی خرابی کو دور کرتا اور دستوں کو روکتا ہے اس کے استعمال سے ہضم کی اصلاح ہو جاتی ہے۔پیچش کی شکایت میں مفید ہے۔

☆.... بچوں کو ان کی عمر کے مطابق نصف گرام سے ایک گرام تک ایک چمچہ دودھ میں حل کر کے صبح و شام پلائیں۔ بڑی عمر کے مریض پانچ گرام سے دس گرام تک صبح نہار منہ پانی سے کھائیں۔

سفوف سپاری پاک

لیکوریا کی شکایت میں مفید ہے۔

☆.... 10 گرام سفوف صبح نہار منہ ایک کپ گرم دودھ سے یا پانی سے کھائیں۔

سفوفِ طباشیر

نئے اور پرانے سوزاک میں یکساں مفید ہے۔ پیشاب کی جلن کو دور کرتا اور زخم کو بھرتا ہے۔سوزاک کے علاوہ بھی پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام صبح اور شام کو پانی یا دہی کی لسی ایک گلاس سے کھائیں۔

سفوف کُشتہ قلعی

نئے اور پرانے جریان کی شکایت میں مفید ہے۔سوزاک کے ساتھ جریان کی شکایت بھی ہو جائے، ایسے جریان میں خاص طور پر فائدہ مند ہے۔سوزاک کی شدت کو کم کرتا ہے۔

☆.... تین تین گرام سفوف صبح اور شام کو ایک کپ دودھ سے کھائیں۔

سفوف گوند کتیرے والا

جریان کی شکایت میں مفید ہے۔ پیشاب کی نالی میں جلن ہو جائے تو اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔مسکّن ہے اور ذکاوتِ حس کو دور کرتا ہے۔

☆.... تین تین گرام سفوف ایک کپ گرم دودھ سے صبح اور شام کو کھائیں۔

سفوفِ مامیراں

پرانے سوزاک کی شکایت میں مجرب ہے۔زخم کو بھرتا اور سوزش کو رفع کرتا ہے۔طبِ یونانی کی قدیم دواؤں میں اس کا شمار ہوتا ہے۔

☆.... تین تین گرام سفوف صبح اور شام کو پانی سے کھائیں۔

سفوفِ مُدر خاص

ماہواری رُک رُک کر درد کے ساتھ آنے لگے یا خون کی مقدار کم ہو جائے یا وقت سے پہلے بند ہو گئی ہو، ان جملہ شکایات میں

سفوفِ مُدر بھرو سے کی چیز ہے۔اس کے ایک دو ماہ مسلسل استعمال سے ماہواری اعتدال پر آ جاتی ہے۔

☆.... تین تین گرام سفوف صبح اور شام پانی سے کھائیں۔

ہدایت: ماہواری کے دوران میں اس سفوف کا استعمال ترک کر دیا جائے۔

سفوفِ مویا

پیچش میں مفید ہے۔مروڑ، آنوؤں اور دستوں کو روکتا ہے۔معدے کو طاقت دیتا ہے۔بڑوں اور بچوں میں یکساں طور پر مفید ہے اور مجرب ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام سفوف بعد غذا دو پہر وشب پانی سے کھائیں۔بچوں کو اُن کی عمر کے مطابق ایک گرام سے تین گرام تک بقدر ضرورت پانی میں حل کر کے پلائیں۔

سفوف مہزل

کسی قسم کا نقصان پہنچائے بغیر موٹاپے کو روکتا ہے۔اس کے استعمال سے جسم کا بھدّا پن جاتا رہتا ہے اور آہستہ آہستہ جسم کی فالتو چربی گھل جاتی ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام سفوف صبح اور شام کو پانی سے کھائیں۔

سفوفِ نمک سلیمانی خاص

بھوک لگاتا اور معدے کو طاقت دیتا ہے۔اس کے استعمال سے پیٹ کا درد، اپھارہ اور طبیعت کا بھاری پن جاتا رہتا ہے۔ریاح کو خارج کرتا اور جگر کی اصلاح کرتا ہے۔عام طور پر چورن کی طرح استعمال ہوتا ہے۔طبِ یونانی کا مشہور اور قدیم مرکب ہے۔

☆.... تین تین گرام سفوف صبح اور شام کو یا ضرورت کے وقت پانی سے کھائیں۔

سفوف نمک شیخ الرئیس

ہضم کی خرابی، ریاح کی زیادتی، پیٹ کے درد اور معدے کی کمزوری میں بہت مفید ہے۔اس سفوف کا نسخہ شیخ بوعلی سینا نے مرتب کیا تھا۔اس زمانے سے اس دور تک کامیاب اور منفعت بخش ہے۔

☆.... تین تین گرام سفوف بعد غذا دو پہر وشب یا بوقتِ ضرورت پانی سے کھائیں۔

سکنجبین بزوری

مُدر بول ہے۔اس کے استعمال سے پیشاب کھل کر آتا ہے۔گردے اور مثانے کی چھوٹی پتھری اور ریگ خارج کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن اور نالی کے درد کو رفع کرتا ہے۔سوزاک کی ابتدا میں منفعت بخش ہے۔

☆.... دو ٹیبل اسپون سے چار ٹیبل اسپون تک پانی ملا کر صبح نہار منہ پئیں۔

شربتِ صدر اجملی

دواخانہ حکیم اجمل خان کا یہ مشہور و معروف شربت نزلہ، زکام، کھانسی، گلے کی خراش، سانس کی نالی کے ورم اور دمہ کی شکایت میں مفید ہے۔پھیپھڑوں کو طاقت دیتا ہے۔اس کے استعمال سے بلغم آسانی سے خارج ہونے لگتا ہے۔دق اور سِل کی ابتدا میں منفعت بخش ہے۔

☆.... ایک ٹیبل اسپون صبح، ایک ٹیبل اسپون شام کو ایک کپ گرم پانی میں ملا کر پئیں۔مرض اگر شدید ہو تو دن میں تین چار مرتبہ استعمال کریں۔

شربتِ فولاد اجملی

طبِ یونانی کے قدیم اصولوں کے مطابق تیار کیا جاتا ہے۔جگر کو قوت پہنچاتا، خون کی کمی (انیمیا) کو کرتا ہے۔خون میں سرخ ذرّات بڑھاتا ہے۔عام جسمانی کمزوری، چہرے کی بے رونقی اور بھوک کی کمی شربتِ فولاد اجملی کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

☆.... ایک چائے کا چمچہ بھر شربت دو پہر اور رات کو کھانا کھانے کے بعد پئیں۔بچوں کو ان کی عمر کے مطابق پاؤ یا نصف چمچہ شربت تھوڑے سے

دودھ میں ملا کر پلائیں۔

شربتِ احمد شاہی

مالیخولیا، خفقان اور مراق کو دُور کرتا ہے۔ فاسد خیالات کو دماغ سے نکالتا ہے۔ اس کے استعمال سے سوداویت اعتدال پر آجاتی ہے۔

☆.... دو ٹیبل اسپون شربت بقدر ضرورت پانی میں حل کر کے صبح و شام پئیں۔ (نصف بوتل)

شربتِ ازرانی

نزلہ و زکام میں مفید ہے۔ بہترین قبض کُشا ہے۔ نزلی رطُوبت کا اخراج کرتا ہے۔ اس کا نسخہ خاص طور پر نفیس اور نازک مزاج مریضوں کے لیے مرتب ہوا ہے۔

☆.... چار ٹیبل اسپون شربت ایک کپ گرم دودھ یا ایک کپ گرم پانی میں حل کر کے رات کو سوتے وقت پئیں۔

شربتِ اعجاز

نزلہ، زکام اور خشک کھانسی میں مفید ہے۔ سِل و دق کی ابتدا میں اس کا استعمال سودمند ثابت ہوتا ہے۔

☆.... دو دو ٹیبل اسپون شربت ایک کپ گرم پانی میں حل کر کے صبح و شام پئیں۔

شربتِ افتیمون

سوداوی امراض بالخصوص وہم اور مالیخولیا میں مفید اور مجرب ہے۔

☆.... دو دو ٹیبل اسپون شربت ایک کپ پانی میں حل کر کے صبح اور رات کو سوتے وقت پئیں۔

شربتِ انجبار

پیچش کی شکایت میں مفید ہے۔ آنوں اور مروڑ کو رفع کرتا ہے۔ حابس دم ہے۔ اگر آنوں کے ساتھ خون بھی آرہا ہو تو اُسے روکتا ہے۔

☆.... دو دو ٹیبل اسپون شربت ایک کپ پانی میں حل کر کے صبح و شام پئیں۔

شربتِ بزوری بارد

گرم مزاج والوں کے لئے مخصوص ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔ پیشاب کی سوزش کو دور کرتا ہے۔ جگر، گردے اور مثانے کی غیر طبعی گرمی کو اعتدال پر لاتا ہے۔

☆.... چار ٹیبل اسپون شربت ایک گلاس پانی میں حل کر کے صبح نہار منہ پئیں۔

شربتِ بزوری معتدل

مُدِر ہے۔ اس کے استعمال سے پیشاب خوب کھل کر آتا ہے۔ گردے اور مثانے کی چھوٹی پتھری اور ریگ کو خارج کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن اور پیشاب کی نالی کے درد کو رفع کرتا ہے۔ سوزاک کی ابتدا میں منفعت بخش ہے۔

☆.... چار ٹیبل اسپون شربت ایک گلاس پانی میں حل کر کے صبح نہار منہ پئیں۔

شربتِ بنفشہ

کھانسی، نزلہ، زکام اور بخاروں کی دواؤں کے ساتھ ان کے اثرات بڑھانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ گلے کے درد اور گلے کی خراش میں مفید ہے۔

☆.... دوسری دواؤں کے ساتھ بطور بدرقہ طبیب کے مشورے سے استعمال کریں۔ دو دو ٹیبل اسپون شربت ایک کپ گرم پانی میں حل کر کے صبح اور سوتے وقت پئیں۔

شربتِ توت سیاہ

گلے کے درد، ورم، آواز بیٹھ جانے، گلے کے غدود بڑھ جانے کی شکایت میں مفید اور مجرب ہے۔

☆.... ایک ایک ٹیبل اسپون شربت گرم کر کے دن میں چار پانچ مرتبہ چاٹیں یا جوشاندے وغیرہ کے ساتھ استعمال کریں۔

شربتِ دینار

جگر کے سدّ وں کو کھولتا ہے۔ پیٹ میں پانی بھر جانے (استسقاء) اور پسلیوں کے درد (ذات الجنت) کی شکایت میں مفید ہے اور قبض کشا ہے۔

☆.... چار ٹیبل اسپون شربت پانی ملا کر صبح نہار منہ پیئیں۔ (نصف بوتل)

شربتِ زُوفا

کھانسی اور دمہ کی شکایت میں مفید اور مجرب ہے۔ بلغم کو آسانی سے نکالتا ہے۔

☆.... دو دو ٹیبل اسپون شربت ایک کپ گرم پانی میں ملا کر صبح اور شام پیئیں۔

شربتِ عنّاب

خون کو صاف کرتا اور خون کی غیر معمولی حدّت کو اعتدال پر لاتا ہے۔ بلغم کو نکالتا ہے۔ بخار کی شدّت کو کم کرتا ہے۔ ہاتھ پاؤں میں آگ سی نکلتی ہوئی محسوس ہونے کی شکایت اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔

☆.... چار ٹیبل اسپون شربت پانی ملا کر صبح نہار منہ پیئیں۔

شربتِ کاسنی شریفی

جگر اور رحم کے ورم کو دور کرتا ہے۔ معدہ، جگر، گردوں اور مثانے کی گرمی اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔ پیشاب لاتا اور گردوں و مثانے کی ریگ کو خارج کرتا ہے۔ یرقان کی شکایت میں مفید ہے۔

☆.... چار ٹیبل اسپون شربت پانی ملا کر صبح نہار منہ پیئیں۔ (نصف بوتل)

شربتِ نیلوفر

دل کو تسکین پہنچاتا اور فرحت دیتا ہے۔ صفرا کی حدّت اور تیزی کو کم کرتا ہے۔ گرم مزاج والوں کے لیے بہترین مشروب ہے۔

☆.... عام مفرح شربت کی طرح استعمال کریں۔

شربت کوثر

مفرح اور فرحت بخش ہے۔ شربت کوثر تازہ پھلوں، سبزیوں، منتخب جڑی بوٹیوں، گلاب کے عرقیات، چینی اور کیوڑہ سے تیار کیا گیا ہے۔

☆.... ایک گلاس پانی میں 1/2 2 کھانے کے چمچ اچھی طرح ملا کر استعمال کریں۔

شربت الا ئچی

شربت الا ئچی خالص اجزا سے تیار کیا گیا ہے۔ اس لیے خوش ذائقہ اور فرحت بخش ہے۔ یہ قلب اور معدہ کیلئے مفید ٹانک ہے۔ قے و متلی کو ختم کرنے میں مفید ہے۔ منہ کی بو کو ختم کرتا ہے۔

شربت صندل

خالص اور قدرتی اجزاء سے تیار کردہ مفرح و مقوی قلب، بے چینی و گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ معدہ کی گرمی اور پیشاب کی جلن کا موثر علاج ہے۔ صفراوی دستوں میں مفید ہے۔

☆.... ملی لیٹر شربت ایک گلاس پانی میں یا معالج کی ہدایت کے مطابق استعمال کریں۔

شربت بادام

دماغ کو طاقت دیتا ہے اور تر و تازہ رکھتا ہے۔ حافظہ کو بڑھاتا ہے۔ نسیان کی شکایت کو رفع کرتا ہے۔

☆.... 25 ملی لیٹر شربت ایک گلاس پانی میں یا معالج کی ہدایت کے مطابق استعمال کریں۔

شربت انار

مفرح اور مسکن ہے۔معدے اور جگر کو قوت دیتا ہے بھوک لگاتا ہے۔

☆....25 ملی لیٹر شربت ایک گلاس پانی میں یا معالج کی ہدایت کے مطابق استعمال کریں۔

شیاف داد

داد کی نہایت مجرب اور کامیاب دوا ہے۔داد کی شکایت کتنی ہی پرانی ہوگئی ہو اس کے استعمال سے رفع ہوجاتی ہے۔

☆....ایک شیاف حقہ کے استعمال شدہ پانی میں گھِس کر رات کو سوتے وقت داد پر لگائیں۔

صبیانی

بچوں کے لیے مفید ٹانک ہے۔بچوں کو چونچال، صحت منداور قوی بناتی ہے۔بدہضمی، ضعفِ معدہ اور دستوں کی شکایت کو دور کرتی ہے۔اس کے استعمال سے دانت آسانی سے نکل آتے ہیں۔بچوں کے جسم میں مرض کا مقابلہ کرنے کی قوت بڑھاتی ہے۔اس طرح بچے خطرناک امراض سے محفوظ رہتے ہیں۔

☆....ایک ایک چائے کا چمچہ بھر صبیانی صبح وشام پلائیں۔

صفائی اکسیری

خون کو صاف کرتی ہے۔خون کی خرابی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کا کم قیمت اور شافی علاج ہے۔

☆.... تین تین گرام صبح اور شام پانی سے کھائیں۔

ضمادِ بواسیر

بواسیر کی شکایت میں مفید ہے۔بواسیر کے پھولے ہوئے مسّوں کو خشک کرتا اور درد اور جلن کو دور کرتا ہے۔

☆....بقدرِ ضرورت ضماد اجابت سے فراغت کے بعد صبح اور رات کو سوتے وقت مسّوں پر لگائیں۔

ضمادِ جالینوس

معدہ، جگر اور تلّی کے ورم کو دور کرتا ہے۔اس کے استعمال سے پیٹ کے عضلات نرم ہوجاتے ہیں۔

☆....بقدرِ ضرورت ضماد رات کو سوتے وقت تکلیف کے مقام پر لگائیں، صبح صاف کردیں۔

ضمادِ غدود شریفی

گلے کے بڑھے ہوئے غدود کا شافی علاج ہے۔اس کے استعمال سے گلے کے بڑھے ہوئے غدود اپنی اصلی حالت پر آجاتے ہیں۔گلے کے ورم کو بھی تحلیل کرتا ہے۔

☆....بقدرِ ضرورت ضماد رات کو سوتے وقت غدود پر لیپ کریں، صبح صاف کردیں۔

طلاء خاص نمبر 1

یہ طلاء عضوِ مخصوص کے لئے بہت کامیاب ہے۔عضو کا ڈھیلا پن لاغری کو دور کرتا ہے، باہ بڑھاتا ہے اور تحریک پیدا کر کے سختی پیدا کرتا ہے۔اس طلاء کے استعمال سے عضوِ مخصوص کی رگوں اور پٹھوں میں از سرِ نو توانائی آجاتی ہے اور فوری طور پر انتشار پیدا ہوتا ہے۔

☆....اس طلاء کا وقتی استعمال بھی کیا جاسکتا ہے۔مستقل فائدے کے لئے چار سے پانچ قطرے طلاء لے کر عضوِ مخصوص کے اگلے حصہ اور نیچے کی سیون چھوڑ کر تین سے چار منٹ تک ہلکے ہاتھ سے روزانہ مالش کریں۔وقتی استعمال کے لئے صحبت سے ایک گھنٹہ پہلے مالش کریں۔

طلاء خراطین

مردانہ عضو کو قوت پہنچاتا ہے۔ اس کے استعمال سے عضوِ خاص کی اسفنجی ساخت تازہ دم ہو جاتی ہے۔ رگوں اور پٹھوں میں از سرِ نو توانائی آجاتی ہے۔

☆.... ترکیب کا پرچہ شیشی کے ساتھ ہوگا۔

طلاء زود اثر

باہ بڑھاتا ہے اور عضوِ مخصوص میں سختی پیدا کرتا ہے۔ مجرب طلاء ہے۔

☆.... ترکیب کا پرچہ شیشی کے ہمراہ ہوگا۔ اس کے دورانِ استعمال میں خارش اور خفیف سا ورم ہو جاتا ہے۔

طلاء عاقرقرحا

عضوِ مخصوص کی استرخائی کیفیت (ڈھیلا پن) کو دور کر کے سختی پیدا کرتا ہے۔ رگوں کی خرابی کو دور کرتا ہے۔

☆.... ترکیب کا پرچہ شیشی کے ساتھ ہوگا۔

طلاء عجیب شریفی

مجلوقوں کے لیے خاص چیز ہے۔ عضوِ مخصوص کے جملہ نقائص کجی، لاغری، کوتاہی اور رگوں کے اُبھار کو ایک حد تک دور کرتا ہے۔ عضو کی جانب دورانِ خون کو بڑھاتا ہے۔

☆.... ترکیبِ استعمال کا پرچہ شیشی کے ساتھ ہوگا۔ قدرے آبلہ انگیز ہے۔ اس کے دورانِ استعمال میں خارش کی شکایت ہو جاتی ہے یا ورم اور دانے نکل آتے ہیں۔

طلاء مخدّر شریفی

عضوِ مخصوص کی ذکاوتِ حس (ذرا سی تحریک، رگڑ یا خیالاتِ فاسدہ سے انتشار و لذّت کا محسوس ہونا یا انزال کا ہو جانا) کو دور کرتا ہے جو عام طور پر جلق اور اغلام کی کثرت سے پیدا ہو جاتی ہے۔ مزید یہ طلاء جریان اور احتلام کی شکایت میں فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔

☆.... ترکیب استعمال کا پرچہ شیشی کے ساتھ ہوگا۔ یہ طلاء غیر مضرت رساں ہے۔

طلاء مسمّن شریفی

عضوِ مخصوص کی لاغری کو دُور کر کے ایک حد تک فربہی پیدا کرتا ہے۔ اِس مقصد کے لیے مجّرب ہے۔

☆.... ترکیب کا پرچہ شیشی کے ساتھ ہوگا۔ غیر مضرت رساں ہے۔

طلاء مُطوِّل

ابتدائی عمر میں عضوِ مخصُوص کی لمبائی کو اُس کی اسفنجی ساختوں کے مطابق بڑھاتا ہے۔

☆.... ترکیب کا پرچہ شیشی کے ہمراہ ہوگا۔ کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچاتا۔

طلاء مسیحی شریفی

قیمتی عطریات اور دیگر دواؤں کا یہ مرکب مردانہ قوّت کو بڑھاتا ہے۔ اس کے استعمال سے انتشار میں سختی پیدا ہو جاتی ہے۔

☆.... ترکیب کا پرچہ شیشی کے ہمراہ ہوگا۔ خوشبودار اور غیر مضرت رساں ہے۔

طلاء مقوّی شریفی

دواخانہ حکیم اجمل خاں کے خاص مجّربات میں اس طلاء کا شمار ہوتا ہے۔ مقویٔ باہ ہے۔ عضوِ مخصوص اسفنجی ساخت کی اصلاح کرتا جس کی وجہ سے انتشار اعتدال پر آجاتا ہے۔ اعتماد اور بھروسے کی دوا ہے۔

☆.... ترکیب کا پرچہ شیشی کے ساتھ ہوگا۔ اس کے استعمال سے خفیف سے دانے نکلتے ہیں یا ہلکا سا ورم ہو جاتا ہے۔

طلاء مُعطّر

جماع کی لذت کو بڑھاتا ہے۔خوبی یہ کہ طرفین یکساں طور پر محضوظ ہوتے ہیں۔صرف اعلیٰ قسم کے عطریات کا مرکب ہے۔

☆....ترکیب کا پرچہ شیشی کے ساتھ ہوگا۔غیر مضرت رساں ہے۔

طلاء مُمسک خاص

یہ طلاء ممسک ہے،امساک کی قوت کو بڑھاتا ہے۔سُرعتِ انزال اور ذکاوتِ حس کی شکایت میں فائدہ مند ہے۔

☆....ترکیب کا پرچہ شیشی کے ساتھ ہوگا۔غیر مضرت رساں ہے۔

طلاء ہیرے والا

طبِ یونانی کی قدیم اور کامیاب دواؤں میں اس طلاء کا شمار ہوتا ہے۔یہ طلاء عضوِ مخصوص کی تمام خرابیوں کو دُور کر کے از سرِ نو توانائی پیدا کرتا ہے۔رگوں سے گندے پانی کا نکال کر خون کے دوران کو بڑھاتا ہے۔اس کے استعمال سے عضوِ مخصوص کی اسفنجی ساخت تازہ دم ہو جاتی ہے۔

☆....ترکیب کا پرچہ شیشی کے ساتھ ہوگا۔یہ طلاء آبلہ انگیز ہے۔ترکیب استعمال میں جو ہدایت درج ہے اُس کے مطابق استعمال کریں۔

عجیب

عجیب دوا ہے۔پیٹ کے درد، بدہضمی، ہیضہ، قے و متلی اور دستوں کی شکایت میں فوری اثر دکھاتی ہے۔☆جسم کے جلنے، چوٹ کے درد اور ورم، کیڑے مکوڑوں کے کاٹنے، خارش اور دردِ سر میں مفید ہے۔☆داڑھ اور دانتوں کے درد کو آرام پہنچاتی ہے۔

☆....عجیب کے دو تین قطرے ایک کپ پانی میں ڈال کر بوقتِ ضرورت پئیں۔☆چند قطرے تکلیف کے مقام پر لگائیں۔☆روئی کی پھریری سے دن میں ایک یا دو مرتبہ دانتوں اور مسوڑھوں پر لگائیں اور رال ٹپکائیں۔پندرہ بیس منٹ کے بعد گرم پانی سے کلّی کر لیں۔

نوٹ: عام طور پر طلاء مردانہ عضو کے لئے مخصوص ہوتے ہیں اور بیرونی طور پر استعمال کیے جاتے ہیں۔جس طلاء کے ساتھ غیر مضرت رساں لکھا ہوا ہے اس سے یہ مراد ہے کہ اس طلاء کے استعمال سے خارش، سوزش، ورم یا دانے وغیرہ نہیں ہوتے۔

عُروسہ

زمانہ قدیم سے آج تک مشرقی خواتین کے سنگھار کے لئے اُبٹنا لازم و ملزوم سمجھا جاتا رہا ہے۔عروسہ جلد کو ملائم رکھنے اور خشکی دور کرنے والی جڑی بوٹیوں کا بہترین مرکب ہے۔ چھائیوں مہاسوں اور داغ دھبوں کو دور کرتا ہے، چہرے کے رنگ جو نکھارتا اور جلد کو چکنا و ملائم رکھتا ہے۔عروسہ کے استعمال سے چہرے کا حسن دوبالا ہو جاتا ہے۔جلد میں بھینی بھینی اور سرور انگیز خوشبو بسا دیتا ہے۔

☆....بقدرِ ضرورت پانی میں ملا کر چہرے پر ملیں۔دس پندرہ منٹ کے بعد دھولیں۔پورے جسم پر استعمال کے لیے بقدرِ ضرورت ابٹنہ چنبیلی کے تیل میں ملا کر تمام جسم پر ملیں۔دو تین گھنٹہ کے بعد نہالیں۔

عطرِ عیش

جماع کی لذت کو بڑھاتا ہے۔طرفین یکساں طور پر لطف اندوز ہوتے ہیں۔ازدواجی زندگی کی رنگین راتیں پرکیف اور سرور انگیز ہو جاتی ہے۔

☆....ترکیب کا پرچہ شیشی کے ساتھ ہوگا۔غیر مضرت رساں اور خوشبودار ہے۔

عرق شیر مرکّب

جلد کی خشکی کو دور کرتا ہے۔سوئے مزاج حار کے مریضوں میں مفید، مالیخولیا، مراق اور وہم کی شکایت میں کامیاب ہے۔دِق کی بیماری میں نفع بخش ثابت ہوا ہے۔

☆....ایک کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔

عرقِ عنبر

دل، دماغ اور جگر کو طاقت دیتا اور حرارتِ عزیزی کی حفاظت کرتا ہے۔غشی کی شکایت اور عام جسمانی کمزوری میں مفید ہے۔
اگر جسم کے کسی حصے سے زیادہ خون نکل جائے تو عرقِ عنبر کے استعمال سے طبیعت بحال ہو جاتی ہے۔

☆.... **نصف کپ عرق صبح نہار منہ پئیں یا ضرورت کے وقت استعمال کریں۔**

عرقِ مرکّب مصفیٔ خون

فسادِ خون کی بیماریوں میں فائدہ پہنچاتا ہے۔ پھوڑے، پھنسیوں، جسم کے داغ دھبوں، جھائیوں، مہاسوں، تر و خشک خارش، آتشک و سوزاک کی شکایت میں مفید ہے۔

☆.... **ایک کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔**

عرقِ مسیحی

سِل و دِق کی شکایت میں مجرب ہے۔ پھیپھڑوں کی کمزوری اور کھانسی کو دور کرتا ہے۔ پھیپھڑوں کی قوتِ مدافعت کو بڑھاتا ہے اور پھیپھڑوں کے زخم کو مندمل کرتا ہے۔

☆.... **نصف کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔ مرض شدید ہو تو دو وقت یعنی صبح و شام استعمال کریں۔**

عرقِ اجوائن

ہاضم ہے۔ اس کے استعمال سے خوب کھل کر بھوک لگتی ہے۔ استسقاء میں مفید ہے۔ جگر کے فعل کو درست کرتا ہے۔

☆.... **ایک کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔**

عرق الائچی

معدے کو طاقت دیتا، بھوک لگاتا اور قے روکتا ہے، بدہضمی کی شکایت میں مفید ہے۔

☆.... **نصف کپ عرق صبح نہار منہ پئیں یا ضرورت کے وقت استعمال کریں۔**

عرقِ بادیان

ہاضم ہے معدے کی اصلاح کرتا ہے۔ ہضم کی خرابی کی وجہ سے اگر پیٹ میں درد ہو تو اس کے استعمال سے رفع ہو جاتا ہے۔ سینے یا غذا کی نالی کی جلن کو دور کرتا ہے۔

☆.... **ایک کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔**

عرق برنجاسف

محلّل ہے۔ اندرونی ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔

☆.... **ایک کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔**

عرقِ پودینہ

متلی، قے کو روکتا اور ہضم کے فعل کو درست کرتا ہے۔ مقویٔ معدہ اور کاسرِ ریح ہے۔

☆.... **ایک کپ صبح نہار منہ پئیں۔**

عرقِ چوب چینی

یہ عرق خون کو صاف کرنے میں مفید ثابت ہوا ہے۔ خون کو زہریلے مادّوں سے پاک کرتا اور چہرے کے رنگ کو نکھارتا ہے۔ اس کا طویل استعمال رگوں میں نرمی پیدا کرتا ہے۔

☆.... **ایک کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔**

عرقِ چوب چینی بنسخۂ کلاں

پھوڑے، پھنسیوں اور فسادِ خون کی دیگر بیماریوں میں مفید اور مجرب ہے۔ خون کو صاف کرتا اور جلد کے رنگ کو نکھارتا ہے۔ ہر قسم کی خارش اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔

☆.... ایک کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔

ہدایت: جملہ عرقیات تنہا بھی استعمال ہوتے ہیں اور عام طور پر دوسری دواؤں کے ساتھ بطور بدرقہ دیئے جاتے ہیں۔ جملہ عرقیات غیر مضرت رساں ہیں لہٰذا مقدار کی کمی و بیشی سے کسی قسم کے نقصان کا احتمال نہیں۔

عرقِ چہار

نظامِ ہضم کو تقویت دیتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ کاسرِ ریاح ہے۔ دل و دماغ کو فرحت بخشتا ہے۔

☆.... دن میں دو مرتبہ **40** ملی لیٹر (یعنی **1/4** کپ چائے والا)۔

بچوں کے لیے: دن میں تین بار ایک ٹیبل سپون یا معالج کی ہدایت کے مطابق استعمال کریں۔

عرقِ شاہترہ

خون کو صاف کرنے کے لیے بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ خون کی خرابی سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں مفید ہے۔ چہرے کی جھائیوں اور مہاسوں کو دور کرتا ہے۔

☆.... ایک کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔

عرقِ عُشبہ

جوڑوں کے درد، آتشک، سوزاک اور دیگر جملہ سوداوی بیماریوں میں فائدہ پہنچاتا ہے۔

☆.... ایک کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔

عرقِ کاسنی

خون کی غیر طبعی حدت اور صفرا کی تیزی کو دور کرتا ہے۔ جگر، گردوں اور مثانے کی گرمی اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔ جگر اور رحم کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ پیشاب آور ہے۔

☆.... ایک کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔

عرقِ گاؤزبان

مفرّح ہے۔ دل کو طاقت دیتا ہے۔ پیاس کو بجھاتا اور بخاروں کی شدت کو کم کرتا ہے۔

☆.... ایک کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔

عرقِ گلاب

اختلاج کی شکایت میں مفید ہے۔ گھبراہٹ اور بے چینی کو دور کرتا ہے۔ مقویٔ معدہ ہے۔ ہضم کی خرابی اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔

☆.... نصف کپ عرق صبح نہار منہ پئیں یا بوقتِ ضرورت استعمال کریں۔

عرقِ گلاب ڈراپر

آنکھوں کی جلن، خراش نیز آلودگی، گرمی اور لو کی وجہ سے آنکھوں کے سرخ ہونے اور پانی بہنے میں مفید ہے۔ آشوبِ چشم میں خاص کر مفید ہے۔ قبض کشا ہے۔ پیٹ صاف کرنے کے لیے نومولود بچوں کو دیا جاتا ہے۔ مفرح اور مقوی قلب خصوصیات کا حامل ہے۔

عرقِ گلاب اجملی

جلد کو تر و تازہ اور ملائم کرتا ہے۔ چہرے سے کالے دھبوں کو دور کرتا ہے۔ چہرے کی رنگت کو نکھارتا ہے۔

☆.... حسب ضرورت ہتھیلیوں پر ڈال کر چہرے پر لگائیں۔

اجمل سلمنگ واٹر

موٹاپے کو دور کرتا ہے۔ جسم کا بھدا پن جاتا رہتا ہے اور آہستہ آہستہ فالتو چربی گھل جاتی ہے۔

☆.... چار بڑے چمچے دن میں دو مرتبہ۔ کم سے کم تین بوتلیں استعمال کریں۔

عرقِ مکوہ

جگر۔ معدہ اور رحم کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ جگر اور رحم کے امراض میں بکثرت استعمال ہوتا ہے۔

☆.... ایک کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔

عرقِ منڈی

خون کو صاف کرتا ہے۔ چہرے کے رنگ کو نکھارتا ہے۔ اس کے استعمال سے پرانی خارش دور ہو جاتی ہے۔ حساسیت یعنی الرجی کی شکایت میں مفید ہے۔ بینائی کو طاقت دیتا ہے۔

☆.... ایک کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔

عرقِ منڈی شریفی (سہ آتشہ)

مصفیٰ خون ہے۔ باریک باریک رگوں سے سودا، صفرا کی زیادتی کو خارج کرتا ہے۔ اسی وجہ سے ہر قسم کی حساسیت (الرجی) میں مفید ہے۔ خارش، پتی، بدن کے داغ دھبوں، جلد کی سیاہی اور میلے پن کو دور کرتا ہے اور رنگ کو نکھارتا ہے۔ مہاسوں کی شکایت اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔

☆.... نصف کپ عرق صبح نہار منہ پئیں۔

قرص ابیض

پیشاب سے پہلے یا بعد میں دھات آنے کی شکایت کو روکتے ہیں۔ ان قرصوں کے استعمال سے مادۂ تولید غلیظ ہو جاتا ہے اور جریان کی شکایت سے نجات مل جاتی ہے۔

☆.... دو قرص ایک کپ گرم دودھ سے صبح کھائیں۔

قرص افسنتین خاص

خون پیدا کرتے ہیں۔ ان کے استعمال سے جگر کی کمزوری، جگر کا ورم اور جگر بڑھ جانے کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔ موسمی بخار (ملیریا) بار بار ہو جاتا ہو تو قرصِ افسنتین خاص کے استعمال سے نجات مل جاتی ہے۔

☆.... ایک ایک قرص صبح اور شام کو پانی سے کھائیں۔

قرص آملہ لولوی

آنتوں کو قوت دیتے ہیں اور آنتوں کے فعل کو درست کرتے ہیں۔ آنتوں کی کمزوری سے اگر دست آ رہے ہوں تو قرص آملہ لولوی کے استعمال سے بند ہو جاتے ہیں۔

☆.... ایک ایک قرص صبح و شام پانی سے کھائیں۔

قرصِ بخار اجملی

خالص یونانی جڑی بوٹیوں سے تیار شدہ ملیریا بخار کی کامیاب اور مؤثر دوا ہے۔ ملیریا کی شکایت ان قرصوں کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔

☆.... دو قرص صبح اور دو قرص رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

قرصِ بسباسہ

معدہ کو طاقت پہنچاتے ہیں۔ بھوک لگاتے ہیں، ریح کو خارج کرتے، پیٹ کو بڑھنے سے روکتے اور بادی کو کم کرتے ہیں۔

☆....ایک سے دوقرص تک کھانا کھانے کے بعد دوپہر اور رات کو پانی سے کھائیں۔

قرصِ بواسیر

بادی بواسیر میں فائدہ پہنچاتے ہیں۔مسّوں کی جلن اور درد کو دور کرتے ہیں۔ان کے استعمال سے بواسیر کی پرانی شکایت بھی رفع ہوجاتی ہے۔

☆....ایک سے دوقرصوں تک صبح اور شام کو پانی سے کھائیں۔

قرصِ بواسیر خاص

بادی اور خونی بواسیر میں مفید ہیں۔ پھولے ہوئے مسّوں کو اعتدال پر لاکر ان کی تکلیف اور سوزش کو رفع کرتے ہیں۔اگر خون بھی آرہا ہو تو ان کے استعمال سے رک جاتا ہے۔مجرب اور آزمودہ قرص ہیں۔

☆....ایک ایک قرص صبح وشام ایک کپ دہی کے پانی سے کھائیں۔

قرصِ پودینہ

مقویٔ معدہ ہیں۔ہضم کے فعل کو درست کرتے اور بھوک لگاتے ہیں۔ہضم کی خرابی سے اگر خارش کی شکایت رہتی ہو تو ان قرصوں کے استعمال سے رفع ہوجاتی ہے۔

☆....ایک ایک یا دو دو قرص کھانا کھانے کے بعد دوپہر اور رات کو پانی سے کھائیں۔

قرصِ جریان اجملی

قرصِ جریان، جریان کی شکایت کو دور کرتے ہیں۔ان کے استعمال سے مادۂ منویہ غلیظ ہوجاتا ہے اور جریان سے پیدا ہونے والے دیگر عوارض بھی رفع ہوجاتے ہیں۔

☆....ایک سے دوقرصوں تک ایک کپ گرم دودھ سے صبح نہار منہ کھائیں۔

قرصِ جمیل

یہ قرص موسمی بخار (ملیریا) کو دور کرتے ہیں۔خالص یونانی دواؤں سے تیار کیے جاتے ہیں۔غیر مضرت رساں اور مجرب ہیں۔

☆....ایک سے دوقرصوں تک صبح اور شام کو پانی سے کھائیں۔

قرصِ حصاۃ اجملی

پتھری کے لیے دواخانہ حکیم اجمل خاں کی کامیاب ترین دوا ہے۔گردے اور مثانے کی پتھری کو توڑ کر خارج کرتی ہے۔قرصِ حصاۃ اجملی کی بدولت بے شمار مریض آپریشن کی تکلیف کے بغیر پتھری کی مصیبت سے نجات حاصل کرچکے ہیں۔

☆....دوقرص سکنجبین بزوری ایک ٹیبل اسپون میں حل کرکے صبح نہار منہ پئیں۔

(آگزی لیٹ کی بڑی پتھری پر یہ قرص کام نہیں کرتے۔)

قرصِ دمہ

دمے کی شکایت میں مفید ہیں۔سانس کی نالیوں میں بلغم کے جمع ہوجانے اور سانس کے رُک رُک کر آنے کی تکلیف کو رفع کرتے ہیں۔کھانسی کو تسکین پہنچاتے ہیں۔پھیپھڑوں سے جمے ہوئے لیس دار بلغم کو نکالتے ہیں۔

☆....ایک سے دوقرصوں تک، شربت صدر اجملی ایک ٹیبل اسپون کے ساتھ رات کو سوتے وقت کھائیں۔

قرصِ زرّیں

مثانے کو طاقت دیتے ہیں۔ مثانے کی کمزوری سے پیشاب بار بار دیر تک قطروں کی صورت میں آتا ہو تو قرصِ زریں کے استعمال سے یہ شکایت رفع ہو جاتی ہے۔

☆.... ایک سے دو قرصوں تک صبح نہار منہ پانی سے کھائیں۔

قرصِ سرطان کافوری

تپ دق اور سِل کی شکایت میں مفید ہیں۔ پھیپھڑے کے زخم کو بھرتے اور کھانسی کو رفع کرتے ہیں۔ ان کے استعمال سے بخار کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔ حابس دم ہونے کی وجہ سے خون آنے کی شکایت کو روکتے ہیں۔

☆.... دو قرص صبح دو قرص شام کو پانی سے کھائیں۔

قرصِ سوزاک

نئے اور پرانے سوزاک میں مفید ہیں۔ پیشاب کی نالی کے زخم کو بھرتے اور پیپ کو روکتے ہیں۔ سوزاک کے علاوہ بھی کسی اور مرض کی وجہ سے اگر پیشاب کے ساتھ پیپ آ رہی ہو تو ان قرصوں کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتی ہے۔

☆.... ایک سے دو قرصوں تک دہی کے پانی سے نہار منہ کھائیں۔

قرصِ صدر اجملی

دمہ، سینے کی کمزوری، بخار، بلغم کی کثرت اور دِق وسِل کی شکایت میں مفید ثابت ہوئے ہیں۔ پھیپھڑوں کو طاقت دیتے ہیں۔ سانس کی نالی کے ورم کو دور کرتے ہیں۔

☆.... ایک سے دو قرصوں تک کھائیں۔ اوپر سے شربت صدر اجملی ایک ٹیبل اسپون ایک کپ گرم پانی میں حل کر کے صبح نہار منہ پئیں۔

قرصِ عجیب احتلام

احتلام کی شکایت میں مفید اور مجرب ہیں۔ ان قرصوں کے استعمال سے احتلام کی پرانی سے پرانی شکایت بھی رفع ہو جاتی ہے۔ عام طور پر ایک ماہ کا استعمال کافی اور شافی ہوتا ہے۔

☆.... ایک ایک قرص کھانا کھانے کے بعد دوپہر اور رات کو پانی سے کھائیں۔

نوٹ: اگر ایک ماہ میں دو بارہ احتلام ہو جائے تو اسے نارمل تصور کیا جائے۔

قرصِ کہربا

خون کو بند کرتے ہیں۔ جسم کے اندرونی یا بیرونی کسی بھی حصے سے خون جاری ہو جائے تو قرصِ کہربا کے استعمال سے رُک جاتا ہے۔ کثرتِ حیض، نکسیر، خونی بواسیر اور سِل کی شکایت میں خاص طور پر مفید ہیں۔

☆.... دو قرص ایک کپ دہی کے پانی سے صبح نہار منہ کھائیں۔

قرصِ مصفّی مرکّب

خون کی خرابی کو دور کرتے ہیں۔ پھوڑے، پھنسیوں اور دیگر سوداوی بیماریوں کی کامیاب دوا ہے۔

☆.... ایک سے دو قرصوں تک صبح نہار منہ پانی سے کھائیں۔

قرصِ مفاصل خاص

جوڑوں کے ورم، لنگڑی اور پاؤں کے انگوٹھے کے درد کا مفید اور مجرب علاج ہیں۔ ان قرصوں کے استعمال سے فاسد مادّہ خارج ہو جاتا ہے اور دورد کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔

☆.... ایک یا دو قرص رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

قرص ملیّن

دست آور ہیں۔ آنتوں سے فضلات کو خارج کرتے ہیں۔ قولنج کی شکایت میں مفید ہیں اور بدہضمی کو دور کرتے ہیں۔

☆.... ایک سے دو قرصوں تک رات کو سوتے وقت یا بوقتِ ضرورت پانی سے کھائیں۔

قرص ممسک جدید

سُرعتِ انزال کی شکایت میں مفید اور کامیاب ہیں۔ ذکاوتِ حس کو دور کرتے ہیں۔ مزید جریان اور احتلام کی شکایت میں دوسری دواؤں کے ساتھ یہ قرص بھی معاون اور مفید ثابت ہوتے ہیں۔

☆.... ایک یا دو قرص رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

قرصِ نسواں

فی زمانہ خواتین میں سیلان الرحم (لیکوریا) کی شکایت بہت عام ہے۔ اکثر خواتین اس مرض میں مبتلا پائی جاتی ہیں۔ قرصِ نسواں سیلان الرحم یعنی رحم سے پانی کی طرح رطوبت کے اخراج کو روکتے ہیں۔ مقویٔ رحم ہیں۔ اسقاط کی شکایت ان قرصوں کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

☆.... ایک سے دو قرصوں تک ایک کپ گرم دودھ کے ساتھ صبح کھائیں۔ اسقاط کے لیے تیسرے مہینہ سے ساتویں مہینہ تک یعنی پانچ ماہ مسلسل یہ قرص استعمال کریں۔

قرصِ نقرہ مرکّب

کام کی زیادتی کی وجہ سے دماغی تکان، سر کے چکرانے اور سر میں ہلکا ہلکا درد رہنے، دائمی نزلہ و زکام کی شکایت، یادداشت کے خراب ہو جانے، پراگندہ خیالی اور اعصاب کی کمزوری کا شافی علاج ہیں۔ ان کے استعمال سے مندرجہ بالا تمام تکلیفیں دور ہو جاتی ہیں۔ مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب نے خصوصی توجہ مبذول فرما کر ان قرصوں کا نسخہ مرتب فرمایا تھا۔

☆.... ایک سے دو قرصوں تک ایک کپ گرم دودھ سے استعمال کریں یا ایک قرص پانچ گرام خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والے میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں۔

قرصِ ہیل

معدے کے درد، پیٹ کی خرابی اور دستوں کی شکایت میں فائدہ مند ہیں۔ معدے کی ساخت کو قوی کرتے ہیں۔ معدے کو طاقت دیتے ہیں۔ پیچش کی شکایت میں جزوی طور پر مفید ہیں۔

☆.... ایک سے دو قرصوں تک بعد غذا دوپہر و شب پانی سے کھائیں۔ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق نصف قرص سے ایک قرص تک ایک چائے کے چمچہ بھر دودھ یا پانی میں حل کرکے پلائیں۔

قرصِ فولاد

جگر کو طاقت دیتا ہے۔ صالح خون پیدا کرتا ہے۔ خون کی کمی (انیمیا) کی شکایت میں زمانۂ قدیم سے مستعمل ہے۔ معدہ کو طاقت پہنچاتا ہے۔

☆.... ایک قرص جوارش جالینوس پانچ گرام میں ملا کر صبح نہار منہ پانی سے کھائیں۔ بچوں کو چوتھائی قرص سے نصف قرص تک 5 گرام مکھن میں ملا کر کھائیں۔

قرصِ قرن الآیل

یہ قرص پسلی کے پرانے درد میں مفید اور کامیاب ہے۔ نمونیے کے بعد کی کھانسی کو دُور کرتا ہے۔ پھیپھڑے کے خفیف سے زخم یا نشان کو رفع کرتا ہے۔

☆.... ایک قرص لعوق خیارشنبر 10 گرام میں ملا کر صبح اور رات کو سوتے وقت کھائیں۔

قرصِ مرجان
مقویِّ دماغ ہے۔ ذہن کو تیز اور دائمی نزلہ وزکام کو رفع کرتا ہے۔
☆.... **ایک قرص دس گرام مکھن میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں یا پانچ گرام خمیرہ گاؤزبان عنبری میں حل کر کے استعمال کریں۔**

قرصِ بیضۂ مرغ
ذیابیطس یعنی پیشاب میں شکر آنے کی شکایت میں مفید ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو کم کرتا اور گردوں کو طاقت دیتا ہے۔ ذیابیطس کے علاوہ بھی اگر پیشاب بکثرت آتا ہو تو اس قرص کے استعمال سے اعتدال پر آجاتا ہے۔
☆.... **ایک قرص جوارش زرعونی عنبری پانچ گرام میں ملا کر صبح اور رات کو کھائیں۔**

قرصِ حُجر الیہود
پتھری کی شکایت میں مفید اور مجرب ہے۔ گردے اور مثانے کی پتھری کو توڑ کر پیشاب کے ذریعے خارج کرتا ہے۔
☆.... **سکنجبین بزوری ایک ٹیبل اسپون میں حل کر کے صبح نہار منہ پییں۔ (بڑے سائز کی پتھری پر یہ قرص زیادہ مؤثر نہیں)۔**

قرصِ صدف
سیلان الرحم (لیکوریا) کے مرض کو دُور کرتا ہے۔ جسم میں اگر چونے کی کمی ہو تو اس کے استعمال سے پوری ہو جاتی ہے۔
☆.... **یہ قرص دس گرام مکھن میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں۔**

قرصِ ابرک کلاں
دمہ، سانس کی تنگی اور بلغمی کھانسی کو دور کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے پھیپھڑے اس قابل ہو جاتے ہیں کہ لیسدار اور غلیظ بلغم کو آسانی کے ساتھ خارج کر سکیں۔ دمہ کے علاوہ اعصابی بیماریوں میں بھی قرص ابرک کلاں فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔
☆.... **ایک قرص ایک چمچہ بھر شہد میں ملا کر ہلکا سا گرم کریں اور سوتے وقت کھائیں۔**

قرصِ نُقرہ
دل، دماغ، جگر اور معدے کو طاقت دیتا ہے۔ مقویِّ اعصاب ہے۔ جزوی طور پر مردانہ کمزوری کو رفع کرتا ہے۔
☆.... **ایک قرص دس گرام بالائی میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں۔**

قرصِ قلعی
جریان کی شکایت میں فائدہ مند ہے۔ مادہ منویہ کو غلیظ کرتا ہے۔ طبِ یونانی کی قدیم اور معروف دواؤں میں اس کا شمار ہوتا ہے۔
☆.... **ایک قرص معجون مغلظ جواہر والی پانچ گرام میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں۔ اوپر سے ایک کپ گرم دودھ پی لیں یا دس گرام مکھن میں ملا کر کھائیں۔**

قرص جواہر مہرہ اجملی
مقوی اعضائے رئیسہ ہے دل جگر و دماغ کو قوی کرتا ہے۔
☆.... **ایک گولی ایک تولہ بالائی میں رکھ کر صبح نہار منہ کھائیں۔**

قرص زمرد
گردوں کی ساخت کو مضبوط بناتا ہے اور انہیں طاقت دیتا ہے ذیابیطس کی شکایت میں مفید ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو اعتدال پر لاتا ہے اور مثانے کو قوی کرتا ہے۔
☆.... **ایک قرص جوارش زرعونی عنبری میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں یا معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔**

قرص سپستان
کھانسی نزلہ وزکام کے لیے مشہور اور مجرب لعوق ہے۔ سینے کو بلغم سے صاف کرتا ہے اور نزلہ زکام کی شدت کو فوری ختم کرتا ہے۔
☆.... **اگولی قرص سپستان کھائیں۔**

قلبِ رواں اجملی

کولیسٹرول کم کرتا ہے، دل کی حفاظت کرتا ہے والوز اور تنگ شریانوں کو کھولتا ہے، وزن کم کرتا ہے، ہاضمے کو درست کرتا ہے۔

☆.... دو کھانے کے چمچ قلب رواں ایک گلاس پانی کے ساتھ دن میں دو مرتبہ پئیں۔

کبد اجملی

ہیپاٹائٹس اے، بی اور سی کے افراد کے لیے فائدہ مند ہے۔

☆.... ہیپاٹائٹس بی، سی کے لیے تین مہینے استعمال کریں۔

کیولائی

منہ کے دانوں، چھالوں اور زخموں کی شکایت میں مفید ہے۔ زبان کی غیر معمولی سرخی اور منہ آنے کی بیماری کا شافی علاج ہے۔

☆.... ایک ایک چٹکی دو اصبح اور رات کو منہ میں چھڑکیں۔ پندرہ بیس منٹ کے بعد گرم پانی سے کلّی کریں۔

کشتہ مروارید (پیکنگ وزن 3 گرام)

خالص موتیوں کا یہ کشتہ دل کو قوی کرتا ہے اگر جسم میں چونے کی کمی ہوگئی ہو تو اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

☆.... چار چاول خمیرہ مروارید 6 ماشے یا مکھن ا تولہ میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں۔

کشتہ مرجان سادہ

مقوی دماغ ہے۔ ذہن کو تیز کرتا ہے۔ نیز دائمی نزلہ وزکام اس کے استعمال سے رفع ہو جاتا ہے۔

☆.... ایک رتی کشتہ دس گرام مکھن میں ملا کر یا ۵ گرام خمیرہ گاؤزبان عنبری میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں۔ یا معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔

کشتہ نقرہ

دل، دماغ، جگر اور معدہ کو طاقت دیتا ہے، مقویٔ اعصاب ہے۔ جزوی طور پر مردانہ کمزوری کو دور کرتا ہے۔

☆.... چار چاول دس گرام بالائی میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں یا معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔

کشتہ بیضۂ مرغ

مرض ذیابیطس میں مفید ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو کم کرتا اور گردوں کو طاقت دیتا ہے۔ پیشاب کی کثرت بھی اس کشتہ کے استعمال سے اعتدال پر آجاتی ہے۔

☆.... ایک ایک رتی صبح اور رات جوارش زرعونی عنبری ۵ گرام میں ملا کر کھائیں یا معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔

کشتہ ابرک کلاں

دمہ، سانس کی تنگی اور بلغمی کھانسی کو دور کرتا ہے، پھیپھڑوں سے غلیظ بلغم کو خارج کرتا ہے اعصابی بیماریوں میں بھی فائدہ مند ہے۔

☆.... چار چاول (60 ملی گرام) کشتہ ایک چمچہ بھر شہد میں ملا کر سوتے وقت کھائیں یا معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔

کشتہ فولاد

جگر کو طاقت دیتا ہے۔ صالح خون پیدا کرتا ہے۔ خون کی کمی میں مفید ہے۔ معدہ کو طاقت پہنچاتا ہے۔

☆.... چار چاول کشتہ جوارش جالینوس ۵ گرام میں ملا کر صبح نہار منہ پانی سے کھائیں یا معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔

کشتہ صدف

سیلان الرحم (لیکوریا) کے مرض کو دور کرتا ہے۔ جسم میں اگر چونے کی کمی ہو تو اِس کے استعمال سے پوری ہو جاتی ہے۔

☆.... دو رتی سے چار رتی تک ۱۰ گرام مکھن میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں یا معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔

کشتہ حجر الیہود

پتھری کی شکایت میں مفید و مجرب ہے، گردے اور مثانے کی پتھری کو توڑ کر پیشاب کے ذریعے خارج کرتا ہے۔

☆.....ایک رتی سے دو رتی تک سکنجبین بزوری ایک ٹیبل سپون میں حل کر کے صبح نہار منہ پئیں یا معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔

کشتہ قلعی

جریان یہ کشتہ جریان کی شکایت میں بہت فائدہ مند ہے، مادۂ منویہ کو غلیظ کرتا ہے اور احتلام میں بھی یکساں مفید ہے۔
☆.....ایک رتی کشتہ ۵ گرام معجون مغلظ جواہر میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں اُوپر سے ایک کپ گرم دودھ پی لیں یا ۱۰ گرام مکھن میں ملا کر کھائیں یا معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔

کشتہ قرن الایل

یہ کشتہ پسلی کے پرانے درد میں مفید اور کامیاب ہے۔ نمونئے کے بعد کی کھانسی کو دور کرتا ہے اور پھیپھڑے کے خفیف سے زخم یا نشان کو رفع کرتا ہے۔
☆.....ایک ایک رتی کشتہ لعوق شنبر 10 گرام میں ملا کر صبح و شام کھائیں یا معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔

قیروطی آرد کرسنہ

نمونیے اور پسلیوں کے درد میں مفید ہے۔ سینے سے بلغم کے اجتماع کو جذب اور خشک کرتی ہے۔ بڑوں اور بچوں میں یکساں فائدے مند اور مجرب ہے۔
☆.....بقدر ضرورت درد کے مقام پر ملیں اور تھوڑی دیر روئی کے پھل سے سکائی کریں۔ بیرونی استعمال کے لیے ہے۔

لبوب کبیر اجملی

اجمل اعظمؒ کے خاص نسخے سے یہ لبوب تیار کیا جاتا ہے۔ بہترین جنرل ٹانک ہے۔ دل، دماغ، جگر، اعصاب، معدے اور گردوں کو طاقت دیتا ہے۔ باہ بڑھاتا اور اُن غدود کو قوی کرتا ہے جن پر بقائے شباب کا دارومدار ہے۔ اس لبوب کے استعمال سے انسان چند ہفتوں میں سرخ و سپید ہو جاتا ہے۔ مشتہی ہے۔ حافظے کو تیز کرتا ہے اور بالوں کی سیاہی کو تادیر قائم رکھتا ہے۔
☆..... تین گرام سے پانچ گرام تک ایک کپ گرم دودھ کے ساتھ صبح نہار منہ کھائیں۔

لبوب بارد

گرم مزاج والوں کے لیے خاص طور پر تیار کیا گیا ہے۔ اس لبوب کو ہائی بلڈ پریشر کے مریض بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ مقوئ باہ ہے۔ اعصاب کو توانائی بخشتا ہے اور مادۂ تولید کو بڑھاتا ہے۔
☆.....پانچ گرام لبوب ایک کپ گرم دودھ سے صبح نہار منہ کھائیں۔

لعوقِ بادام

دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ حافظہ بڑھاتا ہے۔ خشک کھانسی میں مفید ہے۔ سینے سے بلغم کو نکالتا ہے۔
☆.....دس دس گرام صبح اور رات کو سوتے وقت کھائیں۔

لعوق خیار شنبر

سینے سے بلغم کو نکالتا ہے۔ نزلہ، زکام اور کھانسی کی شکایت میں نفع بخش ہے اور خفیف سا قبض کشا ہے۔
☆.....دس دس گرام صبح اور رات کو سوتے وقت کھائیں۔

لعوق سپستان

کھانسی، نزلہ و زکام کے لئے مشہور اور مجرب لعوق ہے۔ سینے کو بلغم سے صاف کرتا ہے۔ اور نزلہ و زکام کی شدت کو فوری کم کرتا ہے۔
☆.....دس دس گرام لعوق صبح اور رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں یا بیس گرام لعوق ایک کپ تیز گرم پانی میں حل کر کے رات کو سوتے وقت پئیں۔

لعوق کتان

بلغمی کھانسی اور دمے میں مفید ہے۔ سانس کی تنگی کو دور کرتا ہے۔ سینے اور پھیپھڑوں سے بلغم کو نکالتا ہے۔ بچوں کی کالی کھانسی میں

منفعت بخش ہے۔
☆.... تین تین گرام لعوق گرم کر کے دن میں تین چار مرتبہ چاٹیں۔ بچوں کو ایک گرام سے دو گرام تک لعوق اسی طرح چٹائیں۔

لعوق نزلی

ہر قسم کے نزلہ وزکام میں فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ سینے سے بلغم کو نکالتا ہے اور بلغمی کھانسی کو رفع کرتا ہے۔
☆.... دس دس گرام لعوق صبح اور رات کو پانی سے کھائیں۔

مصفّی اجملی

خون کو صاف کرتی ہے۔ خون کی خرابی سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں مجرب ہے۔ پھوڑے، پھنسیاں، تر خارش، خشک خارش، داد، گرمی دانے، چہرے کی جھائیاں، مہاسے، داغ دھبے، حساسیت (الرجی) اور دیگر سوداوی بیماریوں میں فائدہ مند ہے۔
☆.... ایک ایک خوراک تھوڑے سے پانی میں ملا کر صبح اور شام پیئیں۔

می لوٗ

رحم کی بیماریوں کا شافی علاج ہے۔ رحم کے ورم، اس کی سختی اور نلوں کی خرابی کو دور کرتی ہے۔ رحم سے بدبودار پانی کا اخراج بھی می لو کے استعمال سے رُک جاتا ہے۔
☆.... ایک ٹیبل اسپون صبح ایک ٹیبل اسپون شام کو پیئیں۔

مفرحین اجملی

معدے کی تبخیر اور جگر کی غیر طبعی حدت کو دور کرتی ہے۔ ہاتھ پاؤں سے گرمی نکلنے کی شکایت مفرحین کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔ پیچش میں مفید ہے۔ سینے کی جلن کو رفع کرتی ہے۔
☆.... ایک یا دو قرص صبح اسی طرح ایک یا دو قرص شام کو پانی سے کھائیں۔

مرہم عجیب اجملی

تر اور خشک خارش میں مفید اور کامیاب ہے۔ گرمی دانوں کو دور کرتا ہے۔ پھوڑے، پھنسیاں اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہیں۔
☆.... بقدر ضرورت مرہم تمام جسم پر ملیں یا گرمی دانوں کے مقام پر لگائیں، کچھ دیر کے بعد گرم پانی اور صابن سے نہا لیں۔ رات کو بقدر ضرورت مرہم پھوڑے پھنسیوں پر لگائیں، صبح صاف کر دیں۔

مرہم کافور

زخم کی جلن اور درد کو دور کرتا ہے اور ہر قسم کے زخم کو بھرتا ہے۔
☆.... بقدر ضرورت زخم پر روزانہ لگائیں۔

معجون طلاء اجملی

یہ معجون مشک، عنبر، زعفران، مروارید، مختلف جواہرات اور قیمتی دواؤں کو باہم ملا کر تیار کی گئی ہے۔ دل، دماغ، جگر اور معدے کو قوت پہنچاتی ہے۔ اعصاب کو مضبوط کرتی ہے۔ بہترین مقوئ باہ ہے (لو بلڈ پریشر) خون کے دباؤ کی کمی کو بڑھاتی ہے۔ مؤثر اور مجرب معجون ہے۔
☆.... دو گرام سے پانچ گرام تک ایک کپ گرم دودھ کے ساتھ صبح نہار منہ کھائیں۔
ہدایت: اس معجون کو ہائی بلڈ پریشر کے مریض طبیب کے مشورے کے بغیر استعمال نہ کریں۔

معجون نُقرہ خاص

اعضائے رئیسہ (دل، دماغ، جگر) کو قوت دیتی ہے۔ اختلاج، مراق اور خفقان کا شافی علاج ہے۔ طبیعت کی بے چینی کو دور کر کے اعصاب کو سکون بخشتی ہے۔ مقوئ باہ ہے۔ یہ معجون خاص طور پر ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کے لئے تیار کی گئی ہے۔

☆.... پانچ گرام معجون ایک کپ گرم دودھ سے صبح نہار منہ کھائیں۔

ہدایت: لو بلڈ پریشر کے مریض اس مریض کو استعمال نہ کریں۔

معجون مُروّح الارواح

حرارتِ عزیری اور ارواح کی محافظ ہے۔ اعضائے رئیسہ اور اعصاب کو طاقت دیتی ہے۔ باہ میں اضافہ کرتی ہے۔ محرک دواؤں کا بہترین مرکب ہے۔

☆.... ایک گرام سے دو گرام تک یہ معجون رات کو سوتے وقت ایک کپ گرم دودھ سے کھائیں۔

ہدایت: مقدارِ خوراک کا خیال رکھیں۔

معجون حمل عنبری علوی خاں

جن خواتین کے حمل، رحم کی کمزوری کی وجہ سے بار بار گر جاتے ہیں یا بچے اس قدر کمزور پیدا ہوتے ہوں کہ شیر خواری کے زمانے میں کسی نہ کسی جان لیوا مرض میں مبتلا ہو کر ضائع ہوتے رہتے ہوں یا رحم اس قدر کمزور ہو گیا ہو کہ اس میں استر خائی یعنی نیچے کی طرف لٹک جانے کی کیفیت پیدا ہو گئی ہو، اُن خواتین کے لئے یہ معجون بے بہا نعمت ہے۔ رحم کو مضبوط کرتی ہے۔ رحم میں یہ صلاحیت پیدا کرتی ہے کہ بچہ بخوبی پرورش پا سکے۔ طبِ یونانی کی مایہ ناز دواؤں میں اس کا شمار ہے۔

☆.... پانچ گرام معجون حمل کے تیسرے مہینے سے ساتویں مہینے تک ایک کپ گرم دودھ سے صبح نہار منہ استعمال کریں۔ رحم کی کمزوری کے لیے چالیس دن استعمال کافی ہے۔

معجون مقوّی و مُمسک

یہ معجون فلک سیر کے نام سے بھی مشہور ہے۔ وقتی امساک اور قوت پیدا کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے عیش و نشاط کے لمحات میں غیر معمولی اضافہ ہو جاتا ہے۔

☆.... نصف گرام سے دو گرام تک مجامعت سے ایک یا ڈیڑھ گھنٹہ قبل گرم دودھ سے کھائیں۔

نوٹ: یہ معجون صرف رجسٹرڈ طبیب کے نسخہ پر ایک مرتبہ میں زیادہ سے زیادہ بیس گرام کا پیکنگ میں فروخت کیا جاتا ہے۔

معجون مغلّظ جواہر

جریان اور رقت کی شکایت میں یہ معجون مفید اور مجرب ہے۔ مادۂ تولید کے قوام کو گاڑھا کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے پیشاب سے پہلے یا بعد میں قطرہ آنے کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔

☆.... پانچ گرام سے دس گرام تک یہ معجون ایک کپ گرم دودھ سے صبح نہار منہ کھائیں۔

معجون ازراقی

اعصاب کو گرم رکھتی اور انہیں قوت پہنچاتی ہے۔ فالج، لقوہ، رعشہ، گٹھیا کی شکایت میں مفید ہے۔ مردانہ قوت میں اضافہ کرتی ہے۔

☆.... دو گرام معجون شام کو ایک کپ گرم دودھ سے کھائیں۔

معجون دبیدُ الوَرد

جگر کے ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ جگر کے بڑھ جانے اور استسقاء کی تینوں قسموں میں مفید ہے۔ جگر کے علاوہ دیگر اندرونی ورم مثلاً ورمِ فم معدہ، ورم رحم وغیرہ میں اس کا استعمال مجرب ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام معجون صبح اور رات کو پانی سے کھائیں۔

معجون راح المؤمنین

یہ معجون دمے کی شکایت میں مفید اور کامیاب ہے۔ سانس کی تکلیف اور کھانسی کو رفع کرتی ہے۔ منفعتِ بلغم ہے۔ سینے کو گرم رکھتی ہے۔

☆.... تین تین گرام معجون صبح اور رات کو سوتے وقت پانی یا کسی جوشاندے کے ساتھ کھائیں۔

معجون سپاری پاک
سیلانُ الرحم (لیکوریا) کی مشہور دوا ہے۔ سیلانُ الرحم کی شکایت کو رفع کرتی ہے۔ رحم کو طاقت دیتی ہے۔ کمر، پیڑو اور پنڈلیوں کے درد کو دور کرتی ہے۔
☆.... پانچ پانچ گرام معجون صبح اور رات کو سوتے وقت ایک کپ گرم دودھ سے کھائیں۔

معجون فلاسفہ
کمر کے درد کی شکایت میں خاص طور پر مفید اور مجرب ہے۔ گردوں اور مثانے کو قوت پہنچاتی ہے۔ گٹھیا (جوڑوں کے درد) میں فائدہ مند ثابت ہوئی ہے۔
☆.... پانچ پانچ گرام معجون صبح اور رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

معجون جوگراج گوگل
بلغمی اور دماغی امراض مثلاً لقوہ، رعشہ اور فالج میں نفع بخش ثابت ہوئی ہے۔ اعصاب کو قوی کرتی ہے اور جسم کو گرم رکھتی ہے۔
☆.... پانچ پانچ گرام معجون صبح اور رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

معجون جالینوس لُولوی
جالینوس کے ترتیب دیئے ہوئے نسخے کے مطابق تیار ہوتی ہے۔ جماع کی کثرت سے اعضاء کے افعال میں جو خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں، اُن کا شافی علاج ہے۔ اعصاب، گردوں، مثانہ اور باہ کو قوت دیتی ہے۔ جسم میں چستی اور توانائی پیدا کرتی ہے۔
☆.... پانچ پانچ گرام معجون ایک کپ گرم دودھ سے صبح اور رات کو سوتے وقت کھائیں۔

معجون چوب چینی (بنسخہ کلاں)
خون کو صاف کرتی ہے۔ تمام سوداوی بیماریوں میں مفید ہے۔ چہرے کے رنگ کو نکھارتی ہے۔ ہر قسم کے پرانے دور کو آرام پہنچاتی ہے۔ رگوں کی سختی اور خرابی کو دور کرتی ہے۔ بلڈ پریشر اور انجائنا میں اس کا طویل استعمال فائدہ مند ہے۔
☆.... پانچ پانچ گرام معجون صبح اور شام پانی سے کھائیں۔

معجون چوب چینی
جوڑوں کے درد کو دور کرتی ہے۔ مصفّی خون ہے۔ اس کے مسلسل استعمال سے جلد کی سیاہی کم ہو جاتی ہے۔ چہرے کا رنگ نکھر جاتا ہے۔
☆.... پانچ پانچ گرام معجون صبح و شام پانی سے کھائیں۔

معجون آرد خُرما
جریان کی شکایت میں مفید ہے۔ مادّہ منویہ کو غلیظ کرتی ہے اور اس کی تولید کو بڑھاتی ہے۔ سُرعت انزال کی بیماری اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔
☆.... دس گرام معجون ایک کپ گرم دودھ سے صبح نہار منہ کھائیں۔

معجون تُربد
ورم جگر میں مفید ہے۔ ورم کو دور کرتی ہے۔ بلغم کی تولید اور کثرت اس کے استعمال سے اعتدال پر آ جاتی ہے۔ موٹاپے کو کم کرتی ہے۔ استسقاء کی بیماری میں فائدہ مند ہے۔
☆.... دس گرام معجون ایک کپ عرق مکوہ سے صبح نہار منہ کھائیں۔ اگر مرض شدید ہو تو دو وقت صبح اور رات کو استعمال کریں۔

معجونِ ثعلب
جریان کی شکایت میں فائدہ مند ہے۔ مادّہ منویہ کی اصلاح کرتی ہے۔ ساتھ ہی مقوی باہ بھی ہے۔
☆.... پانچ پانچ گرام معجون ایک کپ گرم دودھ سے صبح نہار منہ کھائیں۔

معجون جلالی

باہ کوطاقت دیتی ہے۔اعصاب کوقوت پہنچاتی ہے۔دورانِ خون کوتیز کرتی ہے۔دیگر اعصابی بیماریوں مثلاً فالج،لقوہ،خدر وغیرہ میں مفید اور مجرب ہے۔

☆.....پانچ گرام معجون ایک کپ گرم دودھ سے صبح نہار منہ کھائیں۔

معجون حافظُ الجنین (نشارۃ عاج والی)

رحم کی کمزوری کی وجہ سے بار بار حمل گر جانے کی شکایت میں مجرب ہے۔اس کے استعمال سے رحم مضبوط ہو جاتا ہے اور اس کی استرخائی کیفیت دور ہو جاتی ہے۔

☆.....پانچ گرام معجون ایک کپ گرم دودھ صبح نہار منہ کھائیں (کم از کم چالیس دن مسلسل استعمال کی جائے)

معجون خدر جدید

ہاتھ یا پیر کے سُن ہو جانے کی شکایت میں معجون مفید ہے یا جسم کا کوئی بھی حصہ سُن ہو جائے تو اس معجون کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔اعصاب کو طاقت دیتی اور دورانِ خون کو تیز کرتی ہے۔

☆.....پانچ پانچ گرام معجون صبح اور رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

معجون ریگ ماہی

مقویِ باہ ہے۔عضوِ خاص میں سختی پیدا کرتی ہے۔اُنثیین کو گرم رکھتی، مادّہ تولید کو بڑھاتی اور اعصاب کو طاقت دیتی ہے۔

☆.....پانچ پانچ گرام معجون صبح اور رات کو ایک کپ گرم دودھ سے کھائیں۔

معجون زنجبیل

ہاضم ہے۔بھوک لگاتی اور معدے کو طاقت دیتی ہے۔معدے کی فاسد رطوبات کو جذب کرتی ہے اور معدے کی ساختوں کو مضبوط بناتی ہے۔غلیظ ریح کو توڑتی ہے۔

☆.....پانچ پانچ گرام معجون صبح و شام پانی سے کھائیں۔

معجون سورنجان

گھٹیا، لنگڑی کا درد، ٹخنے اور پاؤں کے انگوٹھے کا درد اس معجون کے استعمال سے رفع ہو جاتا ہے۔بلغمی رطوبات کو خارج کرتی ہے۔طبِّ یونانی کی مشہور اور مجرب دواؤں میں اس کا شمار ہوتا ہے۔

☆.....پانچ گرام سے دس گرام تک رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

معجون سنگدانہ مُرغ

سنگ رَہنی کی شکایت میں نفع بخش ہے۔دستوں کو روکتی ہے۔معدے اور آنتوں قوت دیتی ہے۔سنگ رَہنی کے علاوہ بھی دست آ رہے ہوں تو اس کے استعمال سے رُک جاتے ہیں۔

☆.....پانچ پانچ گرام معجون کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے کھائیں۔

معجون عُشبہ

سوداوی امراض مثلاً پھوڑے پھنسیوں، آتشک، سوزاک اور جذام میں مفید ہے۔آتشک و سوزاک کی سمیت سے اگر جوڑوں میں درد رہتا ہو تو اس معجون کے استعمال سے رفع ہو جاتا ہے۔وجع المفاصل کی بیماری میں نفع بخش ہے۔

☆.....پانچ پانچ گرام معجون صبح و شام پانی سے کھائیں۔

معجون ماسکُ البول

پیشاب کی زیادتی کو کم کر کے اعتدال پر لاتی ہے۔مثانے کو قوت دیتی ہے۔سلسلِ بول کی بیماری میں مفید ہے۔

☆.....پانچ پانچ گرام معجون صبح اور رات کو پانی سے کھائیں۔

معجون مصفیٔ اعظم

خون کو صاف کرتی اور خون کی خرابی سے جس قدر امراض پیدا ہوتے ہیں، اُن میں مفید ہے۔سوداویت کی شدت کو کم کرتی ہے۔
حساسیت (الرجی) میں نفع بخش ثابت ہوئی ہے۔
☆.....پانچ پانچ گرام معجون صبح اور رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

معجون مُقل

بادی اور خونی بواسیر میں فائدہ مند ہے۔مسّوں کے درد اور ان کی سوزش کو دور کرتی ہے
☆.....پانچ پانچ گرام معجون صبح وشام پانی سے کھائیں۔

معجون نانخواہ

معدے کو طاقت دیتی اور بھوک لگاتی ہے۔اس کے استعمال سے غلیظ ریاح آسانی سے خارج ہو جاتے ہیں۔
☆.....پانچ پانچ گرام معجون بعد غذا دوپہر وشب پانی سے کھائیں۔

معجون نجاح

جنون، مالیخولیا اور وہم کی بیماری کو دور کرتی ہے۔اس کے استعمال سے سوداویت کی زیادتی کم ہو جاتی ہے۔مرگی کی شکایت میں نفع بخش ہے۔
☆.....پانچ پانچ گرام معجون صبح اور شام کو پانی سے کھائیں۔

مفرّح جمیل

مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب نے مفرح جمیل کے نسخے کو مرتب فرمایا تھا۔یہ مفرح خفقان، وحشت مراق کو دور کرتی ہے۔
دل و دماغ کو قوت دیتی اور ہائی بلڈ پریشر کو کم کرتی ہے۔مفرح اور مسکّن ہے۔
☆..... تین تین گرام مفرح صبح وشام پانی سے کھائیں۔

مفرّح شیخ الرئیس

گرم مزاج والوں کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔طبیعت کی پریشانی، بے چینی اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے۔مفرح ومسکّن ہے۔
نیند کی کمی کی شکایت اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے اور ہائی بلڈ پریشر کو کم کرتی ہے۔
☆..... تین تین گرام مفرح صبح اور شام کو پانی سے کھائیں۔

مفرّح یاقوتی معتدل جواہر

فرحت بخش ہے۔دل، دماغ اور جگر کو قوت دیتی ہے۔دماغ سے سوداویت کے اثر کو دور کرتی ہے۔اس کے استعمال سے خود اعتمادی پیدا ہو جاتی ہے۔
☆..... تین تین گرام مفرح صبح اور شام کو پانی سے کھائیں۔

مفرّح اعظم

معدے اور دل کو قوت دیتی ہے۔اختلاج کو رفع کرتی ہے۔مفرح اور مسکّن ہے۔
☆.....پانچ گرام مفرح صبح نہار منہ پانی سے کھائیں۔

مفرّح بارد جواہر

دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کی شکایت میں مفید ہے۔اگر اعضائے رئیسہ پر گرمی کا اثر ہو تو اُسے زائل کرتی ہے۔مفرح اور مسکّن ہے۔

☆.... پانچ گرام مفرح صبح نہار منہ پانی سے کھائیں۔

مفرّح بارد سادہ

اختلاج، خفقان اور مراق میں مفید ثابت ہوئی ہے۔ مزاج کی گرمی کو کم کرتی ہے۔ مفرح قلب اور مسکّن اعصاب ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام مفرح صبح اور شام کو پانی سے کھائیں۔

مہزل گولی

جسم کی چربی کم کرتا ہے اور موٹاپے کو دور کرتا ہے مہزل گولی عارضی طور پر معدے کا عمل تبدیل کرسکتا ہے اس کا یہ اثر جسم سے فالتو رطوبات نکالنے میں مدد کرتا ہے۔

☆.... دو یا تین کیپسولز دن میں دو مرتبہ پانی یا عرق مہزل کے ساتھ استعمال کریں۔

ماءُاللحم اجملی

حیاتین، مفرح پھلوں اور مقوی بدن دواؤں سے تیار کردہ ماءاللحم اجملی دل، دماغ جگر اور معدے کو قوت دیتا ہے۔ اور بھوک لگاتا ہے۔ گردوں کو گرم اور ان کے فعل کو درست رکھتا ہے۔

☆.... تقریباً چار ٹیبل سپون میں حسب ضرورت چینی شامل کر کے صرف صبح کے وقت پئیں۔

نمک اجملی

پیٹ کی خرابی، پیٹ کے درد، بدہضمی، نفخ، بھوک کی کمی، معدے اور جگر کی کمزوری کے لیے مفید ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے۔ اعضائے ہضم کو قوت دیتا ہے۔

☆.... ایک سے دو قرصوں تک کھانا کھانے کے بعد دو پہر و شب پانی سے کھائیں یا بوقتِ ضرورت استعمال کریں۔

نوشدارو سادہ

معدے اور آنتوں کے فعل کو درست کر کے انہیں قوی کرتا ہے۔ تبخیرِ معدہ کو روکتا اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ مصلحِ جگر ہے۔

☆.... پانچ پانچ گرام صبح و شام پانی سے کھائیں۔

نہائی

اس مہنگائی کے دور میں اجمل دواخانہ کا ایک نہایت ارزاں اور کثیر الفوائد تحفہ ہے کھانے کی کثرت اور ثقیل اجزاء کے استعمال سے معدے میں بھاری پن، ریاح، تبخیر اور ترشی پیدا ہو جاتی ہے۔ ہاضمے کے لیے خوش ذائقہ چورن سے سینہ نہ جلائیں بلکہ ہاضمہ تندرست بنائیں۔

وی ٹو ثالث

v2 گولی ایک نہایت مقوی باہ دوا ہے۔ اسکے مسلسل استعمال سے مردانہ مسائل بھی حل ہو جاتے ہیں۔

☆.... ایک گولی ایک کپ دودھ کے ساتھ روزانہ بہترین نتائج کیلئے 30 دن تک استعمال کریں۔